T01–18May2026 Imran/ED: Shakeel 05:00 pm

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Monday the May 18, 2026
(361st Session)
Volume XV, No.06
(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XV SP.XV (06)/2026
No.06 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Recitation of Naat ........ 1
3. Leave of Absence ........ 2
4. Point of public importance raised by Senator Shahadat Awan regarding suspicion train service in Sindh province ........ 3
5. Introduction of [The Juvenile Justice System (Amendment) Bill, 2026] ........ 4
6. Introduction of [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026] ........ 5
7. Introduction of [The Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2026] ........ 6
8. Consideration and Passage of [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of section 17A) 8
9. Consideration and Passage of [The Family Courts (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of section 11) 9
10. Consideration of [The Emigration (Amendment) Bill, 2022] ........ 10
11. Consideration of [The Pakistan Standards and Quality Control Authority (Amendment) Bill, 2023] ........ 11
12. Consideration and Passage of [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024] ........ 13
13. Consideration and Passage of [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2022] ........ 14
14. Consideration and Passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023] ........ 15
15. Withdrawl of [The Pakistan Halal Authority (Amendment) Bill, 2023] ........ 17
16. Withdrawl of [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023] ........ 17
17. Withdrawl of [The Federal Investigation Agency (Amendment) Bill, 2023] ........ 18
18. Motion under Rule 218 moved by Senator Syed Ali Zafar regarding violations of basic rights of public at large particularly women folk ........ 21
    - Senator Mashal Azam ........ 27
    - Senator Nasir Mehmood ........ 35
    - Senator Rubina Khalid ........ 39
    - Senator Naseema Ehsan ........ 40
    - Senator Manzoor Ahmed ........ 41
    - Senator Khurram Zeeshan ........ 44
19. Point of Order raised by Senator Khalil Tahir regarding role of media in reporting sensitive case of alleged drug dealer ........ 50
    - Senator Zeeshan Khan Zada ........ 54
    - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) ........ 58
    - Senator Rana Sanaullah Khan ........ 59
    - Senator Azam Nazeer Tarar ........ 62
    - Senator Bilal Ahmed Khan ........ 65
20. Pointing out of quorum by Senator Falak Naz ........ 69

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES
Monday, 18th May, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifteen minutes past five in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَاۨ ﴿١٣٨﴾ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ ﴿١٣٩﴾ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِىْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖۤ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِىْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَاۨ ﴿١٤٠﴾

ترجمہ: (اے پیغمبر ﷺ) منافقوں (یعنی دورُخے لوگوں) کو بشارت سنادو کہ اُن کے لیے دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے۔ جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں۔ کیا یہ اُن کے ہاں عزت حاصل کرنی چاہتے ہیں۔ تو عزت تو سب اللہ ہی کی ہے۔ اور اللہ نے تم (مومنوں) پر اپنی کتاب میں (یہ حکم) نازل فرمایا ہے کہ جب تم (کہیں) سنو کہ اللہ کی آیتوں سے انکار ہو رہا ہے اور اُن کی ہنسی اُڑائی جاتی ہے تو جب تک وہ لوگ اور باتیں (نہ) کرنے لگیں اُن کے پاس مت بیٹھو ورنہ تم بھی اُنہی جیسے ہو جاؤ گے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ منافقوں اور کافروں سب کو دوزخ میں اکٹھا کرنے والا ہے۔ سورۃ النسآء (آیات ۱۳۸ تا ۱۴۰)

## Recitation of Naat

محبوب ہے کیا صلّی علیٰ نامِ محمد (ﷺ)

آنکھوں کی ضیا دل کی جلا نامِ محمد (ﷺ)

تکبیر میں کلمے میں نمازوں میں اذاں میں

ہے نام الٰہی سے ملا نامِ محمد (ﷺ)

(جاری----T02)

**T02-18May2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 5.20 PM**

تکبیر میں کلمے میں نمازوں میں اذان میں

ہے نام الٰہی سے ملا نام محمد (ﷺ)

Mr. Chairman: Leave Absence (Cont'd…)

**<u>Leave of Absence</u>**

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 15th May, 2026 during the current session due to official engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Asad Qasim has requested for the grant of leave for 15th May, 2026 to end of the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mir Dostain Khan Domki has requested for the grant of leave for 15th and 18th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of leave for 15th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Khalil Tahir has requested for the grant of leave for the 8th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Zamir Hussain Ghumro has requested for the grant of leave for 18th May, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij has requested for the grant of leave for whole current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Ahmad Khan has requested for the grant of leave for the whole current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

(At this stage, the House recognized the presence of Mrs. Senator Khalil)

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میرا ایک اہم point ہے۔

Mr. Chairman: It's related to Order No.02.

**<u>Point of public importance raised by Senator Shahadat Awan regarding suspicion train service in Sindh province</u>**

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! نہیں۔ یہ ایک important بات ہے۔ صرف ایک سیکنڈ کی بات ہے۔ ایک سیکنڈ کی بات ہے۔ جتنی دیر آپ نے کہا میں بات کروں گا۔ یہ ML-02 سندھ میں لاڑکانہ، دادو سیکشن پر تین ٹرینیں بہت چلتی تھیں Mohenjo Daro Express, Bolan Mail and Khushhal Khan Khattak Express جب سے امریکہ، اسرائیل اور ایران کی جنگ

شروع ہوئی ہے، ان ٹرینوں کو suspend کر دیا گیا ہے، جس کی وجہ سے طالب علم، مریض، مزدور، سرکاری ملازمین، تاجر اور عام شہری متاثر ہو رہے ہیں۔

جناب والا! Railway Headquarters, Lahore یہ کہتا ہے کہ fuel shortage کی وجہ سے یہ ٹرین بند کر دی گئی ہیں، مگر حیرت کی بات یہ ہے کہ Railway Headquarters Lahore کے پاس پنجاب میں ٹرینیں چلانے کے لیے fuel موجود ہے۔

میری گزارش ہے کہ حکومت ان تینوں ٹرینوں کو بحال کرے تاکہ یہ تاثر پیدا نہ ہو کہ سندھ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ سندھ حکومت نے کراچی سے جیکب آباد اور کراچی سے روہڑی کے لیے تین ٹرینوں کا اعلان بھی کیا ہے۔ انہیں بھی جلد از جلد چلایا جائے۔

جناب چیئرمین: آپ Standing Committee کے خود Chairman ہیں۔ آپ خود اس کو دیکھیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: میں نے آج خط منسٹر صاحب کو بھی لکھ دیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ خود اس کمیٹی کے چیئرمین ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order No.02. Senator Sarmad Ali, please move Order No.02.

**Introduction of [The Juvenile Justice System (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali, move for leave to introduce a Bill further to amend the Juvenile Justice System Act, 2018 [The Juvenile Justice System (Amendment) Bill, 2026].

جناب چیئرمین: سینیٹر سرمد علی صاحب، اگر آپ اپنی seat پر آ جائیں گے تو آواز آئے گی۔

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین! جی، میں غلط seat پر بیٹھا تھا۔ I apologize, sir

جناب چیئرمین: آپ غلط seat پر بیٹھیں ہیں۔ آپ دوبارہ move کریں۔

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali, move for leave to introduce a Bill further to amend the Juvenile Justice System Act, 2018 [The Juvenile Justice System (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! سینیٹر سرمد علی صاحب کا Bill میری Ministry سے pertain کرتا ہے۔ سرمد صاحب کا Bill opposed کرنے کو جی تو نہیں چاہتا لیکن scheme of things already comprehensive package ہم نے دیا ہے اس سے ملتا جلتا ہے۔ یہ اس سے کوئی تھوڑا contradict کر رہا ہے۔ کا میں Oppose on record کہہ رہا ہوں کہ جی، yes, I oppose لیکن ایک مرتبہ Standing Committee کو refer فرما دیں کیونکہ introduction پر ہے۔ وہاں پر ہم ان کو سمجھا دیں گے تو کوئی شاید راستہ بھی نکل آئے۔

Mr. Chairman: Referred to the concerned Standing Committee. Order No.04. Senator Samina Mumtaz Zehri sahiba, please move Order No.04.

**Introduction of [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Samina Mumtaz Zehri:I, Senator Samina Mumtaz Zehri, move for leave to introduce a Bill further to amend the Islamabad Consumer Protection Act, 1995، [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Unfortunately, this is also opposed. Consumers Protection hospitals میں لانے والی بات ہے Interior Division نے oppose کیا ہے کیونکہ introduction stage پر ہے Committee میں بھیج دیا جائے۔ وہاں پر ہم اپنا point of view دے دیں گے۔

Mr. Chairman: Referred to the concerned Standing Committee. Order No.06. Senator Samina Mumtaz Zehri.

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب چیئرمین! دو چیزیں I would like to point out کہ جب آپ Bills Committees میں بھجواتے ہیں please, can you ask the department, actually the Secretariat to send it to the right Committee because ایک Bill کے ساتھ ہو چکا ہے کہ آٹھ مہینے تک ایک Committee میں discuss ہوتا رہا۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ اس کو Science Committee میں بھیج دیں۔ ایک تو میری request تھی، دوسرا منسٹر صاحب اور Interior Committee دونوں مل کر اس مرتبہ بہت opposition کر رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you. Order No.06. Senator Samina Mumtaz Zehri sahiba۔ یہ بھی آپ کا ہے۔

**Introduction of [The Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri, move for leave to introduce a Bill further to amend the Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018 [The Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Azam Nazeer Tarar: It is also opposed. As per record available to me.

آج طلال چوہدری صاحب پہنچ نہیں سکے لیکن میں کہوں گا کہ شاید وہ convince ہو جائیں یا کر لیں اسے Committee میں بھجوا دیں تاکہ وہاں پر مزید ---

Mr. Chairman: The Bill is referred to the concerned Standing Committee. Order No.08. Senator Syed Faisal Ali Subzwari, to move Order No.08. Not present. Order No.10. Senator Mohammad Abdul Qadir and Khalil Tahir, please move Order No.10.

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین! یہ last session میں defer ہو گیا تھا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے اگر اسے defer فرمادیں۔ ساری جماعتوں کے consensus سے ایک Committee constitute ہوئی ہے کہ Universities کے Bills ہیں اس میں HEC کی کون کون سی requirements پہلے ہونی چاہییں تاکہ criticism کا ایک بازار ہے کہ پتا نہیں ان میں کیا ہوتا ہے، وہ صاف ستھرا ہو جائے۔ میں نے request کی تھی اگر کہتے ہیں کہ آج defer کر دیا جائے۔

Mr. Chairman: Stands deferred.

سینیٹر خلیل طاہر: جی, defer کر دیں۔ already deferred ہے۔

Mr. Chairman: Order No.11. Senator Mohammad Abdul Qadir and Khalil Tahir, please may move Order No.11.

سینیٹر خلیل طاہر: جی، defer کر دیں۔

Mr. Chairman: Deferred. Order No.12. Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No.12.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri, move that the Bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024] **(substitution of section 17-A),** as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ record کی بات ہے کہ کمیٹی میں Ministry نے اسے oppose کیا ہوا ہے اور اس کی reasons بھی دیں کمیٹی نے اس کے بعد اسے pass کیا کیونکہ یہ میری اپنی Ministry ہے۔ میں صرف استدعا کروں گا سینیٹر صاحبہ سے کہ اس دن کمیٹی میں نہیں تھا اگر مناسب سمجھیں تو آپ کے ساتھ بیٹھ کر اس کا کوئی حل نکال لیتے ہیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: It’s still pending with him and me. He still has not taken out time. I have spoken to the State Minister. I have tried to take time. I have given him the proposal according to his own convenience. I still have not got a response.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ایسا کرتے ہیں ابھی اس نے National Assembly میں بھی جانا ہے، اسے pass کر دیتے ہیں۔

(جاری۔۔۔T03)

T03-18May2026 Tariq/Ed: Waqas. 05:30 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ۔۔۔(جاری)۔۔۔جناب ایسا کرتے ہیں ابھی اس نے نیشنل اسمبلی میں بھی جانا ہے، اسے pass کر دیتے ہیں لیکن on record میرے جو اعتراضات ہیں وہ میں نے بتا دیئے ہیں۔ دیکھیں میں تو ابھی اتنی نرمی سے نکلوا رہا ہوں، میں اس پر voting نہیں کروا رہا ہوں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: آپ voting کروا بھی لیں۔۔۔

جناب چیئرمین: آج Opposition کے mode میں ہیں۔ Order No.12, سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری۔

**Consideration and Passage of [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of section 17A)**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri move that the Bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024](substitution of section 17A), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب چیئرمین: اس کو defer کرنا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب میں نے ریکارڈ پر رکھ دیا ہے، ابھی یہ final passage میں نہیں ہے، meanwhile ہم بات کر لیں گے۔

Mr. Chairman: OK. Now I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: There is no amendment in Clause 2, so I will put this clause before the House. The question is that Clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. We may now take-up Clause 1, the preamble and the title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill. Order No.13, Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No.13.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, Senator Samina Mumtaz Zehri move that the Bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024],be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed unanimously.

Mr. Chairman: Order No.14, Senator Mohammad Abdul Qadir may move Order No.14, he is not present. Order No.16. Senator Sarmad Ali, may move Order No.16.

**Consideration and Passage of [The Family Courts (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of section 11)**

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali move that the Bill further to amend the Family Courts 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of section 11), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, this has been supported by the Ministry as well and it is supported in the Committee, I don’t opposed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: There is no amendment in Clause 2, so I will put this clause before the House. The question is that Clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. We may now take-up Clause 1, the preamble and the title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill. Order No.17, Senator Sarmad Ali, please move Order No.17.

Senator Sarmad Ali: I, Senator Sarmad Ali move that the Bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed unanimously. Order No.18, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No.18.

**Consideration of [The Emigration (Amendment) Bill, 2022]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur move that the Bill further to amend the Emigration Ordinance, 1979 [The Emigration (Amendment) Bill, 2022], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! یہ Interior سے آیا ہے، it has been opposed اور مجھے بلکہ telephonically Minister concerned نے کہا ہے کہ request کریں کیونکہ یہ Bill 2022 سے pending تھا، اس کے بعد بہت کچھ change ہو گیا ہے۔ recent past میں حکومتی Bill کے ذریعے بڑی major amendments کر دی گئی ہیں اور

یہ issue بھی address ہو گیا ہے تو جناب اس کی وجہ سے Act کا complexion خراب ہو گا، revise ہو کر سزائیں بڑھ گئی ہوئی ہیں اور اس میں board extend کے بعد سزا ہو بھی گئی ہیں کیونکہ آپ کا یہ پرانا Bill ہے، اگر آپ withdraw کر لیں تو ہم شکر گزار ہوں گے، میرے خیال میں یہ زیادہ بہتر ہے کیونکہ آپ نے جو چاہا تھا وہ تقریباً ہو گیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: آپ کی understanding کا بہت شکریہ۔ اس میں ایک اور recently issue ہوا ہے، ہمارے کچھ اور لوگ پھنسے ہیں۔ مسئلہ اس میں یہ ہے کہ ہماری Embassies میں جو labour attaches ہوتے ہیں جس طرح سے مثال کے طور پر Greece ایک ایسا ملک ہے، میں وہاں گئی، وہاں کے عام لوگ آپ کو پکڑ پکڑ کر کہتے ہیں کہ آپ پاکستانی ہیں، تم ایک مصیبت ہو۔ They victimise us and they think that we are very bad people تو ہمیں اپنی Embassies میں جو Labour Attaches ہیں اس حوالے سے لکھا تھا کہ آپ ان کو empower کریں، they should be properly trained, properly selected, جناب وہ سزاؤں کے حوالے سے نہیں ہے۔ ایک مرتبہ اگر اس پر بیٹھ کر بات ہو جائے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب منسٹر صاحب کو آ لینے دیں، آج یہ deferred کروالیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر بات کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: بالکل ٹھیک ہے جناب۔ بڑی مہربانی۔

Mr. Chairman: Stands defer. Order No.20. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No.20.

**Consideration of [The Pakistan Standards and Quality Control Authority (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur move that the Bill further to amend the Pakistan Standards and Quality Control Authority Act, 1996 [The Pakistan Standards and Quality Control Authority (Amendment) Bill, 2023], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

Mr. Khalid Hussain Magsi (Federal Minister for Science and Technology): Yes sir, I oppose.

Mr. Chairman: It has been opposed.

جناب خالد حسین مگسی : جناب چیئرمین! میں اس کے reasons بتا دیتا ہوں، گزارش یہ ہے کہ ہم یہ Federal Government میں submit کرتے ہیں، in addition to this, none of the organization have exclusive provision in the Act for placing the annual report before the Parliament sir.

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب چیئرمین! request صرف یہ تھی کہ ایڈوکیٹ جنرل کو تو پیش ہوتی ہی ہے اگر پارلیمنٹ میں پیش کر دیں تو پارلیمنٹ کو بھی کچھ استحقاق مل جائے گا، بس جناب یہی درخواست تھی کہ پارلیمنٹ کو empower کر دیں، ہمارے سامنے بھی آ جائے۔

جناب خالد حسین مگسی: جناب چیئرمین! معزز سینیٹر صاحبہ کے سامنے گزارش ہے کہ دیکھیں کہ اسے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی منگوا سکتی ہے، رپورٹ Public Accounts Committee میں آتی ہے تو یہ کوئی چھپی ہوئی چیز نہیں ہے اگر یہاں بھی کریں گے تو overload ہو جائے گا اور workload بھی زیادہ ہو جائے گا، ذرا مشکل کام ہے باقی جیسے آپ کا حکم ہو گا جناب۔ شکریہ۔ But I oppose it sir.

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, may move Order No.22.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: ٹھیک ہے جی اگلے agenda پر چلے جاتے ہیں، ایک مان لیتے ہیں ایک نہیں مانتے، ہم یہی کر سکتے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب اگر ہر رپورٹ پارلیمنٹ میں آئے گی تو ہم نے legislative business بھی کرنا ہے، جناب وہ ہزاروں کی تعداد میں رپورٹس آنا شروع ہو جائیں گی۔

Mr. Chairman: Order No.20 stand withdrawn.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ، آپ Order No.22 move کریں۔

**Consideration and Passage of [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur move that the Bill further to amend the ICT Rights of Persons with Disability Act, 2020 [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں جناب، ایک دن میں اتنے تو oppose کیے ہی نہیں جا سکتے، I fully support this Bill as a Minister for Human Rights, یہ pass کیا جائے۔

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Second reading of the Bill. Clauses 2 to 5, there is no amendment in Clauses 2 to 5, so I will put these clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 5 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 5 stand part of the Bill. We may now take-up Clause 1, the preamble and the title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill. Order No.23, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No.23.

Followed by (T-04)

Mr. Chairman: (Continued.....) We may now take up the Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that The Preamble and the Title, do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No.23. Please move Order No. 23.

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, move that the Bill further to amend the ICT Rights of Persons with Disability Act, 2020 [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill stands passed unanimously. Order No. 24. Senator Fawzia Arshad, please move Order No. 24.

**Consideration and Passage of [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2022]**

Senator Fawzia Arshad: I, move that the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2022], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: It has been supported in the committee by the division concerned. میں نے check کرایا ہے situation یہی ہے۔ response awaited تھا مگر انہوں نے support کیا تھا تو I support it.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. There is no amendment in Clauses 2 to 4. So I will put these clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 4 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 4 stand part of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, The Preamble and the Title, do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No.25. Senator Fawzia Arshad, please move Order No. 25.

Senator Fawzia Arshad: I, move that the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2022], be passed.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the bill stands passed unanimously. Order No. 26. Senator Fawzia Arshad, please move Order No. 26.

**Consideration and Passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Fawzia Arshad: I, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023] (Substitution of section 289 of PPC and subsequent amendment in schedule II of Cr.PC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: History goes back to 2022 اس وقت جو report میں situation تھی Interior نے ICT کی حد تک support کیا تھا۔ دو صوبوں نے بھی support کیا تھا، پنجاب نے بھی support کیا، سندھ اور بلوچستان کا جواب awaited تھا۔ Situation آج بھی ایسی ہی ہے۔ یہ جو پالتو جانور ہیں، کتے ہیں یا کوئی اور اس طرح کے جانور ہیں ان کے کاٹنے کی صورت میں جو مالک ہے اس کو سزا ملنی چاہیے۔ اس میں اس کی سزا میں اضافے کی تجویز ہے۔ کمیٹی میں تو اسے unanimously pass کیا گیا تھا اور Ministry of Interior آج طلال چوہدری صاحب موجود نہیں ہیں۔ ان کی Ministry کے اس وقت کے جو منسٹر تھے انہوں نے اس کو oppose نہیں کیا تھا بلکہ support کیا تھا۔ میں نے اب house کے سامنے یہ situation رکھی ہے دو صوبوں کے comments کیونکہ criminal law میں سارے صوبوں کی رائے لیتے ہیں لیکن وہ اس میں نہیں تھے۔ اس وقت situation یہ تھی کہ اس کو support کیا گیا تھا، آج بھی situation یہی ہے۔

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. There is no amendment in Clauses 2 to 3. So I will put these clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 3 stand part of the Bill. We may now take up the Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, The Preamble and the Title, do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No. 27. Senator Fawzia Arshad, please move Order No. 27.

Senator Fawzia Arshad: I, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023], be passed.

Mr. Chairman: The motion is adopted and the bill stands passed unanimously. Order No. 28. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur,  please move Order No. 28.

**Withdrawl of [The Pakistan Halal Authority (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, seek leave to withdraw the Bill further to amend the Pakistan Halal Authority Act, 2016 [The Pakistan Halal Authority (Amendment) Bill, 2023], as introduced in the Senate on 30th January, 2023].

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Leave to withdraw the bill is granted. Order No. 29. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur,  please move Order No. 29.

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, withdraw the Bill further to amend the Pakistan Halal Authority Act, 2016 [The Pakistan Halal Authority (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: The bill stands withdrawn. Order No. 30. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur,  please move Order No. 30.

**Withdrawl of [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, seek leave to withdraw the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023], as introduced in the Senate on 20th February, 2023].

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Leave to withdraw the bill is granted. Order No. 31. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur,  please move Order No. 31.

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, withdraw the Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: The bill stands withdrawn. Order No. 32. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No. 32.

**Withdrawl of [The Federal Investigation Agency (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, seek leave to withdraw the Bill further to amend the Federal Investigation Agency Act, 1974 [The Federal Investigation Agency (Amendment) Bill, 2023], as introduced in the Senate on 16th January, 2023.

Mr. Chairman: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Leave to withdraw the bill is granted. Order No. 33. Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, please move Order No. 33.

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, withdraw the Bill further to amend the Federal Investigation Agency Act, 1974 [The Federal Investigation Agency (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: The bill stands withdrawn. Order No.34. Senator Hidayatullah Khan, please move Order No.34.

اس کی deferment کی request آئی ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: اس کو defer کر دیں۔

Mr. Chairman: It is deferred. Order No.35. Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No.35.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ Minister concerned کی طرف سے تھا کہ جب وہ موجود ہوں تب پیش کر لیں۔ وہ آج نہیں ہیں تو میرے پر اتنا بوجھ نہ ڈالیں۔ اس کو اگلے اجلاس کے لیے رکھ لیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: I don't have a problem my name will keep on coming and you will keep on opposing and I am okay with it.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں تو آپ کے لیے آسانی چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: اس کو pend کر لیتے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: مسئلے کی seriousness کو سامنے رکھتے ہوئے۔ (جاری۔۔۔۔T05)

**T05-18May2026 FAZAL/ED: Waqas 05:50 pm**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری ہے۔۔۔۔) جناب چیئرمین! مسئلے کی seriousness کو سامنے رکھتے ہوئے میں نے اس لیے Minister concerned سے کہا۔ He is not in the town. میں نے انہیں کہا کہ یہ ایسا سنجیدہ معاملہ ہے کہ اس پر آپ خود آ کر House کو apprise کریں۔ Mover نے جو کہا ہے، numbers increase کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ ایسا issue ہے کہ ان کی موجودگی میں ہو تاکہ وہ facts and figures کے مطابق House کو apprise کر سکیں۔ یہ وجہ ہے۔

جناب چیئرمین: یہ Order No. 36 ہے۔

That is in the name of Senator Muhammad Talha Mahmood, please move the resolution. Not present. Order No. 37, which is in the name of Senator Syed Ali Zafar and Mashal Azam who will move the motion.

Law Minister Sahib اور رانا ثناء اللہ صاحب! ایک issue ہے that is between the Minister for Railways and Nasir Butt Sahib. یہ آپ کی party کا issue تھا، تو نہ Speaker حل کر سکتے ہیں نہ میں کر سکتا ہوں۔

We are referring the matter to the Parliamentary Leader because honourable member is from the Senate.

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: یہ issue جو ہے، سینیٹر ناصر بٹ صاحب اور worthy Minister for Railways, Hanif Abbasi Sahibکے درمیان اس کو کیوں بنایا جارہا ہے؟ معاملہ یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی کسی MNA صاحب یا Senator صاحب کی گاڑی میں Parliament House تک آ جاتا ہے تو یہ تو کوئی جرم نہیں ہے، اس کی ممانعت بھی کوئی نہیں ہے، لوگ آ بھی جاتے ہیں۔ اگر کسی نے یہاں پر آ کر کوئی ایسی حرکت کی ہے جو criminal ہے تو اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ وہ بندہ identified ہے، اس کے نام کا پتا ہے کہ فلاں آدمی تھا۔

جناب چیئرمین: پہلے آپ سُن لیں۔ آپ دونوں کی سُن لیں۔ .You are the Parliamentary Leader آپ دونوں کو بُلا کر سُن لیں۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: چلیں ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ .Because it pertains to your party

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: .O.K لیکن اگر Parliament buildingکے area میں کسی آدمی نے آ کر کوئی ایسی ویڈیو بنائی ہے جو کہ criminal ہے تو اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، the precincts of the Parliament are under the control of the Speaker National Assembly. تو اب اس پر انہوں نے identify جو کیا ہے، that report has been given to the Secretariat میں نہیں چاہتا کہ it should be اس کی خرابی بنے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! میرا اس میں take یہ ہے کہ کسی بھی شہری کا Parliament building میں آنا یا کسی MNA یا Senator صاحب کے ساتھ آنا، یہ تو جرم نہیں ہے۔ اگر یہاں پر آ کر اس نے ایسی حرکت کی ہے جو کہ جرم ہے تو اس کی کارروائی اس کے خلاف ہونی چاہیے۔ وہ بتائے کہ وہ کیسے آیا تھا، کیوں آیا تھا، اس نے یہ حرکت کیوں کی؟ اگر اس نے کسی، مثال کے طور پر جو doubt کیا جا رہا ہے جو کہ اس نے کسی کے کہنے پر کی ہو گی جو media میں بھی چلا۔ اگر وہ یہ بعد میں بیان دیتا ہے کہ جی میں نے فلاں کی ایما پر کی ہے یا فلاں کے کہنے پر کی ہے تو اس کے مطابق proceed ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: دیکھیں اگر Pakistan Peoples Party کا issue ہوتا میں شیری کو کہہ دیتا مگر اب آپ خود بیٹھ کر ان کی بات سُن لیں۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: چلیں ٹھیک ہے، سُن لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ہم نہیں چاہتے کہ اس کو politicize کریں۔ بٹ صاحب! وہ تو آپ Committee میں کریں۔ He is not here to defend himself. بٹ صاحب! اگر Minister for Railways یہاں ہوتے تو پھر تو اپنے آپ کو defend کرتے۔ بہتر ہے کہ رانا صاحب ان کی بات کو سنیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ senior party leader ہیں chamber میں یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

Mr. Chairman: Actually we don’t want to politicize. Senator Syed Ali Zafar.

**<u>Motion under Rule 218 moved by Senator Syed Ali Zafar regarding violations of basic rights of public at large particularly women folk</u>**

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ، جناب چیئرمین! سوال جو آج آپ کے سامنے ہے وہ یہ ہے کہ کیا یہ حکومت انسانی بنیادی حقوق کی حفاظت کر پا رہی ہے کہ نہیں؟ جناب! ایک معاشرے کی جو پہچان ہے، وہ صرف عمارتوں، سڑکوں یا نعروں سے نہیں ہوتی۔ جو اصل پہچان ہے، وہ اس سے ہوتی ہے کہ اس کے شہریوں کی زندگی، ان کی عزت، ان کا وقار اور ان کی جو آزادی ہے، اس کی کتنی حفاظت

حکومت کر رہی ہے۔ یہ judgment ہوتی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا، اس دن آپ سے Antigone کی کہانی discuss بھی کر رہے تھے۔ Antigone کی ہزار سال پہلے کی کہانی ہے، آج بھی یاد رکھی جاتی ہے۔ یونان کا بڑا طاقتور بادشاہ تھا اور اس نے اپنے سیاسی حریف کو جب مر گیا تو اس کو عزت نہیں دی۔ یہ Antigone ایک عورت تھیں، وہاں کی وہ کوئی political figure نہیں تھیں۔ ان کو پتہ تھا کہ اگر میں بولی تو مجھے مار دیا جائے گا لیکن وہ اٹھیں اور انہوں نے اس بادشاہ کو کہا، جو لفظ آج بھی ہمارے literature میں دہرائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طاقتور آدمی کا جو حکم ہوتا ہے، اس سے بھی ایک طاقتور چیز ہے اور وہ ہے انسانی عزت۔ چونکہ Antigone نے یہ الفاظ کہے تھے، ایک طاقتور کے خلاف انسانیت کی بات کی تھی تو آج بھی یاد ہے اور وہ بادشاہ جس نے اپنی طاقت کا غلط استعمال کیا، اس کو آج بھی عبرت سے دیکھا جاتا ہے۔ کیونکہ وجہ یہ ہے کہ جب ایک طاقتور کے اندر سے انسانیت ختم ہو جائے تو پھر وہ خود ہی اپنے آپ کو برباد کر لیتا ہے۔

جناب چیئرمین! آج یہ کہانی سنانے کا مقصد میرا یہ تھا کہ پاکستان بھی ایک بڑے خطرناک موڑ پر کھڑا ہے۔ اس وقت اگر آپ نظر دوڑائیں تو ہماری خواتین کو غیرت کے نام پر مارا جا رہا ہے، قتل کیا جا رہا ہے اور حکومت بے بس ہے۔ جو کمزور ہے اس کو انصاف نہیں مل رہا اور حکومت پھر بھی بے بس ہے۔ جو طاقتور ہے اس کے لیے ایک قانون ہے اور جو کمزور ہے اس کے لیے دوسرا قانون ہے اور حکومت نہ صرف بے بس ہے بلکہ اس پر خوش ہے۔ لوگ خوفزدہ ہیں کیونکہ ان کی عزت کی کوئی حفاظت نہیں کر رہا اور جو سیاسی حریف ہیں، ان کو دشمن سے بھی زیادہ بری طرح treat کیا جا رہا ہے اور اس کی example پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی اہلیہ اور جو ہمارے دوسرے لیڈران ہیں، آپ کے سامنے ان کی ایک prime example ہے۔

جب آپ حکومت والوں سے بات کرتے ہیں تو وہ ذاتی طور پہ کھسر پھسر کر کے بتاتے ہیں کہ جی ہم تو خاموش ہیں، ہم کچھ نہیں کر رہے۔ تو میں آج ریکارڈ پر ان کو کہنا چاہتا ہوں کہ جب انسانیت کو ختم کیا جا رہا ہو تو خاموشی بھی ایک ظلم ہے اور یہ جرم ایسا ہے، جب آپ دیکھتے ہیں کہ جو ہماری بیٹیاں ہیں وہ اپنی جان کے خوف میں زندہ رہ رہی ہیں۔ جب ایک ماں ہے وہ ہر جگہ دروازے کھٹکھٹا رہی ہے لیکن انصاف نہیں مل رہا تو یہ پھر صرف حکومت کا جرم نہیں ہے بلکہ حکومت کی ناکامی ہے۔ مجھے اس اسٹیج پر نیلسن منڈیلا

کی ایک Saying یاد آ گئی۔انہوں نے کہا تھا کہ ایک قوم کا اصل امتحان اگر لینا ہے تو وہ یہ نہ دیکھیں کہ انہوں نے طاقتور کے ساتھ کیا سلوک کیا بلکہ یہ دیکھیں کہ اس نے جو کمزور ہے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ جب آپ انسانی بنیادی حقوق کی اتنی خلاف ورزیاں کرنا شروع کر دیں۔

(جاری ہے۔ T06)

T06-18May2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 6:00 pm

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری) جناب! میں سمجھتا ہوں کہ جب آپ بنیادی انسانی حقوق کی اتنی خلاف ورزیاں کرنا شروع کر دیں تو اس وقت پورا معاشرہ ہل جاتا ہے۔ یہ ایک warning ہوتی ہے۔ آپ کو وہ قصہ یاد ہے، بہت سال پہلے جب مزدور کوئلے کی کان میں کام کرنے جاتے تھے تو اپنے ساتھ ایک پیلی چڑیا لے کر جاتے تھے، اس چڑیا کا نام شاید کنیری تھا۔ وہ پیلی چڑیا اس لیے لے کر جاتے تھے اگر کوئی زہریلی گیس آ جائے تو وہ اس چڑیا کو متاثر کرتی تھی، چڑیا مر جاتی تھی۔ یہ ایک warning تھی ان مزدوروں کے لیے کہ کوئی خطرہ سامنے آ رہا ہے اور وہ اس warning کی وجہ سے باہر نکل آتے تھے۔ جب آپ human rights کی اتنی زیادہ خلاف ورزیاں کر رہے ہیں، clear cut violations کر رہے ہیں تو یہ warning ہے۔ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی اگر آپ لسٹ دیکھیں تو میں اس کی طرف تھوڑی آپ کی توجہ مبذول کرواتا ہوں۔

اس وقت پاکستان میں ہماری خواتین محفوظ نہیں ہیں۔ اس وقت حقیقت یہ ہے کہ کمزور کو انصاف نہیں مل رہا۔ اس وقت یہ بھی حقیقت ہے کہ آزادیٔ رائے کو خاموش کر دیا گیا ہے۔ میڈیا کے اوپر total censorship ہے۔ ہمارے دوست اوپر بیٹھے ہیں، ان کو پتا ہے کہ اس وقت ملک میں کتنی censorship چل رہی ہے۔

*(At this moment, former Senator Chaudhary Aitzaz Ahsan entered the official gallery)*

Mr. Chairman: I welcome Chaudhary Aitzaz Ahsan to the House.

*(Desk thumping)*

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! میں کہہ رہا تھا کہ میڈیا کو خاموش کر دیا گیا ہے، censor کر دیا گیا ہے جبکہ آپ کا آئین کہتا ہے کہ آپ کو freedom of speech حاصل ہے۔ میں آپ کو ایک اور عجیب و غریب بات بتاؤں۔ بدقسمتی سے یہ آپ کے ہی نیچے ہو رہا ہے، ہمیں نظر

آ رہا ہے جبکہ پہلے کبھی نہیں ہوا۔ ماشاء اللہ، آپ جب سے چیئرپرسن بنے، آپ نے ensure کیا کہ آپ کی اپوزیشن کی جو آواز ہے، وہ بھی عوام تک جاسکے۔ اب یہ حال ہے، آپ اس کو ریکارڈ پر بھی دیکھ لیجیے گا، اگر میں حکومت کے خلاف تھوڑی سی بات بھی کروں گا تو یا تو مجھے mute کر دیا جائے یا پھر کم از کم میری speech عوام تک نہیں پہنچے گی۔ وہاں blank out ہو جائے گا۔ میں نے پہلے بھی ایک بار ذکر کیا تھا اور مجھے بتایا گیا تھا کہ کئی بار transmission کا problem ہوتا ہے جسے technical problem کہتے ہیں۔ وہ جو technical problem ہے، وہ صرف تب ہوتا ہے جب اپوزیشن کوئی بات کرنا چاہے۔

(اس موقع پر سینیٹر محمد عبدالقادر، پریذائیڈنگ آفیسر نے کرسئ صدارت سنبھالی)

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! آج میں آپ سے expect کروں گا کہ آپ aisle کے دونوں طرف بیٹھے لوگوں کو برابر treat کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں، آپ کو preference دیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: آپ کی last time کی ruling مجھے یاد ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج ذرا نرم طبیعت منسٹر، تارڑ صاحب موجود ہیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! ایک اور serious اور بنیادی حق جو ہر انسان کا ہے، وہ to be treated in accordance with law ہے۔ اس کو میں ابھی آپ کے آنے سے پہلے گنوا رہا تھا کہ یہ حکومت کیا کیا human rights کی violations کر رہی ہے۔ Hopefully آپ کو یہاں اس پر جواب نہیں ملے گا۔ قیدیوں کو torture کرنا۔ سب سے بڑا torture جو سمجھا جاتا ہے، وہ solitary confinement کا ہے۔ آپ ایک شخص کو الگ کر دیں، اس سے کوئی بات نہ کرے، اس سے کوئی گفتگو نہ کرے، اس سے کوئی مل نہ سکے، وہ بیمار ہو تو اس کو رات کے اندھیرے میں اکیلے لے جایا جائے اور رات کے اندھیرے میں ہی واپس لایا جائے، یہ ایسا ٹارچر ہے جو بین الاقوامی قانون، ہمارے آئین اور ہمارے اپنے normal قانون اور rules میں بھی اس کی اجازت نہیں ہے۔ پچھلے چھ مہینوں سے عمران خان صاحب اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی۔ بی کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے۔ قیدیوں کے ساتھ ٹارچر ایک ایسی violation ہے جس کے اوپر حکومت کا کوئی جواب نہیں۔

جناب! جب عوامی نمائندوں کو قانون کی مدد حاصل نہ ہو سکے، آپ کے اپنے سینیٹر اعجاز چوہدری صاحب کا معاملہ ہے، میں نے اس دن ان کی تصویر دیکھی، ان کی بری حالت تھی، ان کو مشینیں لگی ہوئی تھیں، وہ لیٹے ہوئے تھے اور ان سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا۔ ان کو بھی جیل میں کوئی

سہولت نہیں دی جا رہی۔ ان کو لے جایا جاتا ہے، کچھ injections دیے جاتے ہیں اور واپس لے آتے ہیں۔ ان کی فیملی رو رہی ہے اور ترس رہی ہے۔ آپ جب parliamentarians کو قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے انصاف نہیں دے سکتے تو پھر باقی قوم کا کیا ہوگا۔

احتجاج کی آزادی ایک حق ہے۔ آپ نے بھی آئین پڑھا ہے، میں نے بھی پڑھا ہے، ہم سب کے سامنے ہے، ہم ہر وقت اس کو quote کرتے ہیں، احتجاج کرنا ایک حق ہے۔ آپ کا اور میرا نہیں بلکہ یہ عوام کا حق ہے کہ وہ اپنے نمائندوں کو سنے، ان سے گفتگو کرے، احتجاج کرے یا public speaking اور meeting کرے۔ پچھلے دو سال سے PTI کو احتجاج کرنے کی اجازت نہیں دی جا رہی اور یہ کہا جا رہا ہے کہ جناب! جب PTI احتجاج کرتی ہے تو پھر بڑی توڑ پھوڑ کرتی ہے۔ آج تک کوئی ایسی example نہیں ہے جس میں PTI نے احتجاج کیا ہو اور توڑ پھوڑ کی ہو۔ یہ صرف اور صرف حکومت کا ایک بہانہ ہے کہ ہمیں ہمارا آئینی حق نہیں دیتی۔

جناب! اس وقت position یہ ہے، right to life بھی ہر ایک کا آئینی حق ہے کہ اپنی زندگی ایک ملک میں عزت کے ساتھ جی سکے۔ یہاں کیا ہے؟ مہنگائی بڑھ گئی ہے اور حد سے بڑھ گئی ہے۔ غربت ایک basic لکیر سے بھی نیچے چلی گئی ہے۔ جب آپ کی یہ پوزیشن ہو جائے اور لوگ بھوکے رہ جائیں، غریب پِس رہا ہو تو یہ right to life کے خلاف ہے۔ یہ آپ کے ایک اچھی زندگی گزارنے کے بنیادی انسانی حق کی خلاف ورزی ہے۔ یہ صرف اس لیے ہے کہ یہ حکومت نااہل ہے۔ اس حکومت کے پاس کوئی پالیسی ہی نہیں ہے۔ اس پر میں نے پہلے بھی discussion کی تھی۔ میری نظر میں یہ جو بنیادی حقوق کی میں نے آپ سے بات کی، یہ وہی warning ہے جو میں نے پیلی چڑیا کی بات کی تھی۔ یہ warning دے رہی ہے کہ ریاست میں خطرہ پھیلتا جا رہا ہے اور جمہوریت میں زہر بھی پھیلتا جا رہا ہے۔ یہ وہی warning ہے اور اس warning کو حکومت ignore کر رہی ہے۔ میری request یہ ہے اور میں عوام کی بات ہی کر سکتا ہوں، میرے پاس یہ طاقت نہیں کہ میں ان کو پکڑ کر کہوں کہ آپ درست راستے پر چلیں، ان warnings کو دیکھتے ہوئے پاکستان کو بچانے کی کوشش کریں۔ میں صرف گفتگو ہی کر سکتا ہوں۔ میں بالکل اسی طرح گفتگو کر سکتا ہوں جو کہ میرا حق ہے۔ کم از کم اتنا ہے کہ اس پلیٹ فارم پر آ کر میں بول سکتا ہوں۔

جناب! جب میں human rights violations کی بات کرتا ہوں تو یہ سیاست نہیں ہے۔ یقین مانیں یہ سیاست نہیں ہے بلکہ یہ سیاست سے بالاتر بات ہے۔ یہ انسانی حقوق کی بات ہے۔ یہ آئین اور قانون کی بالادستی کی بات ہے۔ یہ خواتین کی بات ہے اور یہ اس کمزور شخص کی بات ہے جس کے لیے آئین بنا۔ آئین طاقتور کے لیے نہیں بنا۔ آئین کمزور کے لیے بنا ہے۔ انسانی حقوق فراہم کرنا کسی حکومت کا احسان نہیں ہوتا بلکہ لوگوں کا ایک حق ہوتا ہے۔ لہٰذا، یہ جو مسئلہ ہے جو آج میں اس motion کے ذریعے آپ کے سامنے لے کر آیا، اس کا مقصد یہی ہے کہ میں

ان تمام باتوں کو ریکارڈ پر لاؤں۔ آپ کو پتا ہے آج بھی، حضرت زینب بی۔بی نے یزید کو کہا تھا جب وہ کربلا کے واقعے کے بعد انہیں پکڑ کر لائے تھے، ان کی جو speech ہے اور جس طرح انہوں نے انسانیت کی بات کی اور جس طرح جرأت کے ساتھ بات کی، لوگ اسے ابھی بھی یاد رکھتے ہیں۔ آج میرا مقصد یہی تھا کہ میں اس motion کو ریکارڈ پر لے کر آؤں، human rights violations کی بات کروں تاکہ حکومت کچھ سیکھے اور اس ملک کو بچائے۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ منسٹر صاحب کھڑے ہوئے ہیں۔ (T07 پر جاری ہے)

T07-18May2026 Abdul Razique/Ed: Mubashir 06:10 p.m.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ منسٹر صاحب کھڑے ہوئے ہیں۔ سینیٹر مشال اعظم، آپ پانچ منٹ بول لیں۔ اس کے بعد سینیٹر طلحہ محمود اور سینیٹر خلیل طاہر نے بھی بولنا ہے۔ یہ سینیٹر سید علی ظفر اور سینیٹر مشال اعظم کا joint motion ہے۔ جی سینیٹر مشال اعظم صاحبہ۔ سینیٹر صاحبہ کا مائیک کھول دیں۔

سینیٹر مشال اعظم: بہت شکریہ، چیئرپرسن صاحب۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب کیا کہنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: ابھی سینیٹر سید علی ظفر صاحب نے بات کی ہے کہ خاص طور پر human rights کے متعلق کی ہے۔ اس کے متعلق ہمارے Minister for Human Rights and Law کو جواب دینے دیں تاکہ ہمارا جواب بھی آ جائے۔ اس کے بعد پھر دونوں طرف سے debate کروائیں اور جو، جو بھی اس میں حصہ لینا چاہتے ہیں، سب بات کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں ٹھیک ہے۔ سینیٹر مشال اعظم دوسری mover ہیں۔ آپ پانچ منٹ بات کریں۔

سینیٹر مشال اعظم: بہت شکریہ، چیئرپرسن صاحب! ہم ان کی 15, 15 منٹ باتیں سنتے ہیں۔ یہ تھوڑا سا حوصلہ رکھ کر ہماری بھی باتیں سن لیں، جتنا ظلم ہمارے ساتھ ہو رہا ہے تاکہ ہم اس ایوان کو بتا سکیں اور اس ایوان کے ذریعے قوم کو بتا سکیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ بات کریں۔

**Senator Mashal Azam**

سینیٹر مشال اعظم: چونکہ میں نے Motion under Rule 218 اپنے نام کے ساتھ move کیا تھا کہ اس ملک میں سیاسی خواتین کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ بہت اچھی بات ہے کہ اس وقت منسٹر صاحب بھی یہاں پر موجود ہیں۔ شاید ان کے بھی نوٹس میں نہیں ہوگا کہ ملک میں اور particularly پنجاب میں پاکستان کی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ ملک میں خواتین بڑی مشکل سے ہر شعبے میں آگے جاتی ہیں۔ نظریے کے ساتھ کھڑا ہونا یا سیاسی وابستگی رکھنا اتنا بڑا جرم ہے کہ آپ ان خواتین سے ان کے انسانی حقوق ہی صلب کر لیں۔ ہماری پارٹی کے لیڈر عمران خان صاحب کی اہلیہ تقریباً 750 days سے جیل میں ہیں۔ ہم کہہ رہے ہیں کہ ان کے کیسز لگائیں۔ یہ نہیں لگا رہے۔ ان کو رات کی تاریکی میں ہسپتال لے کر جایا جاتا ہے تو میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ کون سا قانون ہے، کون سا آئین ہے جس کے تحت خواتین کو ان کی فیملی ممبران کو بتائے بغیر jail premises سے move کیا جائے۔ ان کا علاج کیا جائے لیکن ان کی فیملی کو inform نہیں کیا جائے۔ میں پوچھنا چاہتی ہوں منسٹر صاحب سے کہ وہ کون سا آئین اور قانون ہے جس کے تحت چادر اور چار دیواری کی پامالی کی جائے۔ رات کے اندھیرے میں خواتین پولیس کی غیر موجودگی میں عالیہ حمزہ صاحبہ کو اس کے گھر سے اغوا کیا جائے اور پھر وہ کوٹ لکھپت جیل سے برآمد ہوتی ہے۔ وہ کون سا آئین اور قانون ہے جس کے تحت صنم جاوید کو انتہائی serious حالات میں جناح ہسپتال لے کر آیا جاتا ہے اور وہاں میڈیکل وارڈ-3 کے سٹور میں اسے بند کیا جاتا ہے۔ وہاں کے پنکھے بند ہوتے ہیں۔ وہاں اس کی فیملی کھڑی ہوتی ہے، اس کی چھوٹی بیٹی کھڑی ہوتی ہے لیکن 24 گھنٹے سے زیادہ گزر جاتے ہیں اور اسے اپنی بیٹی کی ایک جھلک نہیں دکھانے دیتے۔ Doctors کہتے ہیں کہ مریم نواز کے strict orders ہیں کہ فیملی نہیں ملے گی۔ مریم نواز کے strict orders ہیں، facilities نہیں دی جائیں گی۔ مریم نواز کے strict orders ہیں کہ اسے اس حال میں رکھنا ہے۔ پھر پولیس والے کہتے ہیں کہ مریم نواز کے strict orders ہیں کہ اسے اتنی serious بیماری کی حالت میں prison van میں تین گھنٹے تک بٹھا کے رکھنا ہے۔

(اس موقع پر سینیٹر ناصر محمود نے اپنی نشست پر اٹھ کر احتجاج کرنا شروع کیا)

سینیٹر مشال اعظم: بٹ صاحب، حوصلہ کریں۔ اس دن ہم نے رانا ثنااللہ صاحب کی ساری باتیں سنیں۔ آج آپ حوصلہ کریں۔ دل، جگر اور گردہ اتنا بڑا کریں کہ جتنا ظلم آپ کرتے ہیں، آپ اس ظلم کو سننے کی ہمت پیدا کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب، تشریف رکھیں۔آپ کو وقت دیں گے۔

سینیٹر مشال اعظم: دیکھیں ان میں اتنی ہمت نہیں کہ یہ ظلم وہ سن سکیں جو ظلم یہ کر رہے ہیں۔ان میں اتنی اور کیا ہمت ہوگی۔آج ہم وہ ساری باتیں ایوان میں کریں گے جو ان کے ساتھ ہورہا ہے۔ بیٹھ جائیں، بٹ صاحب۔ زیادہ تابعداری نہ کریں۔آپ کے گھر میں بھی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں ہیں۔ کل اگر آپ کی مائیں، بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ یہ ہوگا تو ہم اسے روکیں گے اور اس کے خلاف کھڑے ہوں گے۔ جب کوئی آپ کی ماں، بہن اور بیٹی کی چادر و چار دیواری کی پامالی کرے گا، ہم ان کے خلاف کھڑے ہوں گے۔اگر کوئی آپ کی بیٹی کی چادر کھینچے گا تو ہم اس کے خلاف کھڑے ہوں گے۔اگر آپ کی بیوی کو کوئی رات کے اندھیرے میں اٹھائے گا تو ہم اس کے خلاف کھڑے ہوں گے۔ بٹ صاحب، نہ کریں۔ جتنا زیادہ یہ بولیں گے، اتنا زیادہ میں وقت لوں گی۔

(سینیٹر ناصر محمود اپنی نشست پر کھڑے ہو کر احتجاج کرتے رہے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب، سینیٹر صاحبہ کی تقریر ختم ہونے والی ہے۔ منسٹر صاحب تشریف رکھتے ہیں، وہ خود جواب دیں گے۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، انہیں چپ کرائیں اور بٹھائیں۔ان میں سننے کے لیے حوصلہ ہونا چاہیے۔ابھی تو ہم نے شروع بھی نہیں کیا کہ آپ نے ہمارے ساتھ کتنے ظلم کیے ہیں۔آپ میں سننے کی ہمت ہو۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحبہ کی تقریر کو ساڑھے چار منٹ ہوئے ہیں۔آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر مشال اعظم: آپ کو سننے کی ہمت ہی نہیں ہے۔ اگر کل ان کی ماں، بہن اور بیٹی کے ساتھ یہ سب کچھ ہوگا تو ہم اس کے خلاف کھڑے ہوں گے۔ ہم پہلے بھی خلاف تھے، آج بھی خلاف ہیں اور آگے بھی خلاف ہوں گے۔ انہیں بٹھائیں کہ میں بات کروں۔ مریم نواز نے پنجاب کی سرکاری چیزوں کا بیڑا غرق کر دیا ہے۔وہاں چادر و چار دیواری کی پامالی ہو رہی ہے۔ وہاں ماؤں اور بہنوں کی عزتیں داؤ پر لگی ہوئی ہیں۔ یہ کیا باتیں کر رہے ہیں؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب، آپ بیٹھ جائیں۔ وہ Motion under rule 218 کی mover بھی ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشال اعظم: ہم نے آپ کی بڑی باتیں سنی ہیں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ انہیں بٹھائیں۔ مریم نواز، ان کی وزیراعلی ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ یہ کر رہی ہے اور ہم چپ رہیں گے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب، آپ تشریف رکھیں ورنہ ایوان کیسے چلائیں گے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب آپ بیٹھ جائیں کیونکہ logically Minister for Human Rights اس کا جواب دیں گے۔

سینیٹر مشال اعظم: آپ ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ یہ کریں گے اور ہم چپ رہیں گے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب کو مائیک دیں۔

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین چیئرمین ڈائس کے سامنے کھڑے ہو گئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب کی بات سنیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب، ماحول خراب نہیں ہوا۔ ہم نے سینیٹر علی ظفر صاحب کو بڑے تحمل سے سنا۔ سواتی صاحب، میری بات تو سن لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب کو بولنے کے لیے موقع دیں۔ وہ آپ کے لیے بول رہے ہیں۔ آپ تھوڑا patience سے تو سنیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں صرف اتنی استدعا کروں گا کہ اس پر سینیٹر علی ظفر صاحب بھی بولے۔ کسی نے کوئی interjection نہیں کی، کسی نے کوئی بات نہیں کی۔ ہمیں sweeping statements دینے سے تھوڑی احتیاط کرنی چاہیے۔ اگر مجھے سن لیں تو ماحول ٹھیک رہے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ منسٹر صاحب کو سنیں کیونکہ وہ آپ کے لیے بول رہے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر مشال اعظم صاحبہ، میں صرف یہ عرض کروں کہ۔۔۔۔ نہیں اس طرح تو نہیں چلے گا۔ آپ کسی کی بات نہیں سنتی ہیں۔ بٹ صاحب، آپ بیٹھ جائیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مشال اعظم صاحبہ، آپ non-stop بول رہی ہیں اور آپ کی کوئی بات سمجھ نہیں آ رہی ہے تو فائدہ کیا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب، میں on record جو بات کرنا چاہ رہا ہوں، سینیٹر علی ظفر صاحب نے جب بات کی تو ایوان میں pin drop silence تھی۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مشال اعظم، آپ بات کریں گی یا میں next speaker کو time دوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ sweeping statements دیں اور کہیں کہ شور نہیں مچے گا۔ آپ اپنا کیس خود خراب کر رہی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ سن تو لیں کیونکہ منسٹر صاحب آپ کے حق میں بات کر رہے ہیں۔ اگر آپ نے شور شرابہ کرنا ہے تو جاری رکھیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں منسٹر صاحب آپ لوگوں کے لیے کھڑے ہو کر بات کر رہے ہیں اور بٹ صاحب کو بٹھا دیا ہے۔ مشال صاحبہ، اپنی تقریر جاری رکھیے۔ دیکھیں آپ نے پانچ منٹ بولا، اب دو منٹ اور بولیں تاکہ پھر دوسرے speakers بات کریں۔ مشال صاحبہ کو مائیک دیں۔۔۔۔

(جاری T08)

**T08-18-05-2026 Babar/Ed. Shakeel 6:20PM**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: (جاری۔۔) آپ کے لیے بٹ صاحب کو بٹھا دیا، مشال صاحبہ، آپ اپنی تقریر جاری رکھیں تاکہ پانچ منٹ آپ نے بول دیا، اب دو منٹ اور آپ بولیں، تاکہ باقی speaker بھی بات کریں۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، پہلی بات تو یہ ہے کہ میری یہ calling attention notice ہے، یہ نہیں ہو سکتا کہ میں بات کر رہی ہوں، یہ لوگ درمیان میں اٹھ جائیں اور بات کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر:اس calling attention notice پر جناب علی ظفر صاحب نے more than 15 minutesبات پوری کی ہے۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، ہم نے الگ الگ move کر لیا ہے۔آپ کو extra time already دے دیا گیا ہے،آپ بات پوری کریں،آپ اپنی motion پر بات پوری کریں۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، اپنے لوگوں کو دیکھیں اور ان کو بٹھائیں، ایسا نہیں ہو سکتا، ہم سارا دن یہاں باتیں سنتے ہیں، اور جب ہماری باری آتی ہے توآپ ہمیں باتیں سناتے ہیں۔ اس دن ہم نے رانا ثناءاللہ صاحب کی 15منٹس باتیں سنیں۔اتنا حوصلہ رکھیں کہ وہ تمام مظالم ہم گن سکیں اور بتا سکیں جو آپ ہمارے ساتھ اور ہماری مائیں، بیٹیاں اس time پنجاب میں برداشت کر رہی ہیں، یاسمین راشد صاحبہ 75 سال عمر کی ہیں، cancer patientہیں، اور ایک Health Minister رہ چکی ہیں، وہHealth Minister جس نے نواز شریف صاحب کی بیماری پر press conference کی تھی، اور جس نے نواز شریف صاحب کی بیماری پر health board کو facilitate کیا تھا، جس نے نواز شریف صاحب کی platelets گرنے پر ان کو باہر بھجوانے میں facilitate کیا تھا، اور ہر طریقے سے facilitate کیا تھا، وہ یاسمین راشد صاحبہ، آج اس کو basic health facilities نہیں مل رہی ہیں، اس کی عمر 75 سال ہے، جناب۔ ان کی appealsنہیں لگ رہی ہیں، ان کو hospital میں ہی نہیں لے کے آیا جا رہا ہے، اس کے بعد بات کرتے ہیں، جناب، اعجاز چوہدری صاحب، اس ایوان کے ممبر ہے، کچھ تو ہمت کریں، جناب، کچھ اور خیال کریں، اس کے لیے کھڑے ہو جائیں، کیا باتیں کر رہے ہو، پھر آپ بات کرتے ہیں، جناب، پھر بات ہوتی ہے اسی کوٹ لکھپت میں، ہماری ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو high classified جرائم پیشہ خواتین کے ساتھ رکھا جارہا ہے، صحیح ہے، انہوں نے superintendent jail کو خط لکھا کہ ہمارے ساتھ، ہمیں منشیات کے جو پکڑی گئ ہیں خواتین، ان کے ساتھ ہمیں رکھا جارہا ہے، یہاں پر اس قسم کی activities ہو رہی ہیں، یہ cells ایسے، لیکن ان کو رکھا جارہا ہے، عالیہ حمزہ صاحبہ، سر، اس ملک کی MNA رہ چکی ہیں، آپ بات کرتے ہیں، ہم نے ان کی بڑی باتیں سنی ہیں، جناب، ہم نے ان کی بڑی، ان کو بٹھائیں، عالیہ حمزہ صاحبہ MNA رہ چکی ہیں، ان کو چاہیے تھا کہ ان کو facilities دی جاتی، جناب، لیکن ان کو اٹھا لیا گیا، جب ان کو اٹھایا، ان کے گھر سے اٹھایا، خواتین نہیں تھیں، اس ملک کاآئین اور قانون یہ کہتا ہے کہ خواتین ہونی چاہیے تھیں، اس کے بعد۔۔

سینیٹر دوست محمد خان: مجھے، اس کے بعد موقع ملنا چاہیئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کیسے آپ کودیں موقع، بیٹھ جائیں، فیصلہ میں بتاتا ہوں، تشریف رکھیں ،بٹ صاحب، آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر مشال اعظم: جو عالیہ حمزہ صاحبہ کو اٹھالیا گیا، اس کے بعد عالیہ حمزہ صاحبہ کی بیٹیوں کی ملاقات نہیں ہو رہی، ان کی بہن کی ملاقات نہیں ہو رہی، ان کی appeals نہیں لگ رہیں، پھر میں آتی ہوں، جناب، فلک جاوید صاحبہ، فلک جاوید نے کیا گناہ کیا ہے، عظمیٰ بخاری کی شان میں گستاخی کی ہے، عظمیٰ بخاری کو اگر لگتا ہے کہ اس نے غلط کیا ہے تو عدالت میں آئے نا، سامنا کریں فلک جاوید کا، کیوں نہیں کر رہی، سات مہینوں سے عظمیٰ بخاری عدالت سے چپ رہی ہے، ہم نے ابھی باتیں شروع نہیں کیں، مسئلہ یہ ہے، جناب، یہ کیا طریقہ ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: wind up کریں، باقی سپیکرز نے بھی بولنا ہے، آپ کے ہی، speakers ہیں، آپ کے بھی ہیں، ادھر سے بھی، دیکھیں I have to give the time to every member

سینیٹر مشال اعظم: میں وہ نام لوں گی، جناب، کہ جو ہماری خواتین کے ساتھ ہو رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اور لوگوں کو بھی، وقار مہدی صاحب کا بھی motion ہے، ادھر محسن عزیز صاحب کا بھی Motion ہے، محمد طلحہ محمود صاحب کا بھی ہے۔

سینیٹر مشال اعظم: نہیں ہو سکتا، سر، اتنا تو حوصلہ پیدا کریں، جو ہماری ماؤں، بہنوں کے ساتھ ہو رہا ہے، مجھے نہیں سمجھ آتی کہ آپ جب گھر جاتے ہیں تو آپ اپنے گھر میں اپنی بیویوں، اپنی بیٹیوں، اپنی بہنوں اور اپنی ماؤں کا سامنا کیسے کرتے ہیں، ان کا سامنا کرکے۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی wind up کر دیں اور بیٹھ جائیں۔

سینیٹر مشال اعظم: جو یہ سب کچھ کر رہے ہیں، تو اتنا حوصلہ ان میں پیدا ہونا چاہیے، کہ اتنے مظالم انہوں نے ہماری ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کے ساتھ کیے، اور یہ سارا کچھ مریم نواز کر رہی ہے، کیونکہ مریم نواز خوف میں مبتلا ہے، ہماری ماؤں، بہنوں، بیٹیوں سے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، ابھی آپ پہلے بات کریں گے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اگر ماحول کو ٹھیک رکھنا چاہتے ہیں، میں صرف ایک، بٹ صاحب، صرف ایک سیکنڈ، جناب، ایسے نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی دوست محمد صاحب دیتے ہیں آپ کو ٹائم ۔

(اس موقع پر اپوزیشن ممبران احتجاج کرتے رہے)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ بات کریں لیکن اس طرح کے sweeping statements مت دیں، یہ کوئی disciplineتو نہیں ہے۔ یہاں پہ کیا بات کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اپوزیشن لیڈر صاحب، اگر آپ اپنے لوگوں کو بٹھالیں تو minister صاحب بات کرتے ہیں، پھر باری باری سارے بات کریں، یہ تو اس طرح Houseآگے کیسے چلے گا، دیکھیں، آپ کا motion لگایا ہے agenda پر، اس کو لایا ہے، آپ کو بات کرنے کا موقع دیا ہے، توآپ لوگ باری باری بات کریں، ذیشان کو بھی موقع دیتے ہیں، جی، علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: ہمارے کچھ لوگوں نے بات کرنی ہے مزید، ان کو آپ کرنے دیں، پھر ایک بار ہی میں منسٹر صاحب بات پوری کر لیں گے، میں ڈپٹی چیئرمین صاحب کو موقع دیتا ہوں۔۔

(اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سیدال خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر سید علی ظفر: آپ کے آنے سے پہلے ماحول خراب ہو گیا تھا لیکن لگتا اب سارے ٹھنڈے ہو گئے ہیں ہمارے کچھ لوگوں نے بات کرنی ہے، ان کو، اگر آپ بولنے کی اجازت دے دیجیے، پھر ہم ایک باری، Law Minister صاحب کا جو جواب ہے وہ سن لیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: افنان اللہ صاحب آپ بیٹھ جائیں، بٹ صاحب، آپ بھی، دوست محمد صاحب، دو منٹ۔ جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: چیئرمین صاحب! میں، میرے opposition کے دوست بہت محترم ہیں، میں نے پہلے عرض کیا سینیٹر علی ظفر صاحب بولے ہیں، pin drop silence تھا، ہمیں sweeping statements دینے کی بجائے relevant بات کرنی چاہیے، اب آپ اٹھ کے اگر بغیر کسی evidence کے یہ کہنا شروع کر دیں گے کہ فلاں کے حکم پر اس طرح ہو گیا، یہ ہو گیا، آپ بات کریں کہ جی فلاں parliamentarian ، فلاں بندہ، فلاں خاتون جو ہیں، ان کے حقوق کی بات ہے، یہ بات ہے، میں جواب دینے کے لیے بیٹھا ہوں، میں جواب دوں گا کہ یاسمین راشد صاحبہ سے کس طرح کا سلوک ہو رہا ہے اور کیوں ہو رہا ہے، میں جواب دوں گا، دیگر جو بشریٰ بی بی صاحبہ ہیں، اب ایک ہی تقریر میں اگر یہ contradiction آ جائے کہ میری بہن نے پہلے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کو solitary میں کیوں رکھا ہوا ہے، میرے پاس جواب ہے، وہ solitary میں نہیں ہیں، دوسرے سانس میں فرما دیا ہے کہ صنم جاوید کو آپ نے خواتین کے ساتھ کیوں بند کیا ہے، جرائم پیشہ خواتین کے ساتھ، سزا یافتہ جیل میں ہیں، ان کے ساتھ ہی بند ہونا ہے، انہوں نے، میں صرف یہ استدعا کروں گا کہ یہ بول لیں،

میں رات تک بیٹھا ہوا ہوں لیکن یہ ہے کہ تھوڑی سی sensible بات کریں، بات sweeping statements دے کر، sweeping statementsدیں گے بغیر کسی ثبوت کے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں بات پارلیمانی لیڈر پورا کرینگے بھر اعظم صاحب، آپ بات کر لیں، اس مسئلے کا کوئی حل نکالتے ہیں، قانونی حل نکالتے ہیں، rule of lawکے ذریعے نکالتے ہیں، کوئی شور شرابا اس مسئلے کا حل تو نہیں ہوگا، جی، pleaseعلی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب میں نے تو بول لیا، میرے ساتھی ہیں، اس نے بولنا ہے سواتی صاحب نے بولنا ہے، تو ان کو سن لیجیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی order in the House

سینیٹر سید علی ظفر: اس کے بعد یہ جواب دے دیں، ہم بھی سنیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگ آپس میں پہلے فیصلہ کریں کہ کون بات کرنا چاہتے ہیں، جی، اعظم صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین صاحب، ہم جہاں جس معاشرے کے اندر، جس دینی معاشرے کے اندر۔

(جاری۔۔۔T/9)

T09-18May2026 Taj/Ed. Waqas Khan 06:30 p.m.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: (جاری) جس معاشرے میں ہم رہ رہے ہیں، جس قوم سے ہمارا تعلق ہے اس کی بنیاد دین پر ہے اور دین میں اللہ تعالیٰ نے اور نبی کریم ﷺ نے خاص طور پر خواتین کو جو حقوق دیے ہیں، وہ صرف روایات نہیں ہیں، وہ ہماری زندگی، ہمارے وقار اور رسومات کا حصہ ہیں۔ آج اگر اس ملک میں سابقہ وزیراعظم عمران خان صاحب کی اہلیہ بشریٰ بی بی اپنے حقوق کا تحفظ نہیں کر سکتی۔ ہم قطعاً یہ نہیں کہتے کہ اس کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک کیا جائے، ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ قانون کے مطابق اس کا جو حق بنتا ہے، کم از کم ہم وہ حق ان کو دیں۔ ہمارے آئین میں Article 4 کو دیکھ لیں، میں اپنا وقت اپنے دوسرے قابل قدر فاضل ممبران کو دوں گا کہ Article 4 شہری کے حقوق ہیں، وہ پاکستان کی شہری ہے۔ Article 9 life, libertyکا تحفظ دیتا ہے کہ اس کو ہر طرح سے وہ سہولت دی جائے جو ہماری روایات ہیں، جو انسانی اطوار ہیں۔ Article 14 کہتا ہے کہ عزت و وقار کے ساتھ اس کو treatکیا جائے۔ ہم ایک خاتون کی بات نہیں کر رہے، ہم ہر اس خاتون کی بات کر رہے ہیں جو اس وقت جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان تحریک انصاف کی خاتون اول اور اس کے ساتھ بہت ساری parliamentarianاس وقت جیل کی صعوبتیں برداشت کر رہی ہیں۔

جناب چیئرمین ! دنیا کے اصولوں کو دیکھیں، دیوار پر جو لکھا ہے اسے ہم پڑھیں اور خدارا! اگر ہم سے کوئی غلطی ہوئی ہے تو اس کی نشان دہی ہم نے خود کی ہے۔ ہم نے خود اپنا احتساب کیا ہے اور اس راستے پر چلنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ یہ زیادتی کبھی کسی کی بہن، بیٹی اور ماں کے ساتھ تو نہ ہو۔ اس لیے یہ ایوان، میں پھر کہتا ہوں کہ صرف قانون سازی کے لیے نہیں بنا ہے، میں میڈیا کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ لکھیں، یہ ایوان بالا کسی قانون کے بننے کے لیے ہی نہیں بلکہ ہمارے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہے اور وہ بنیادی حقوق جن کی میں نے نشان دہی کر دی ہے کہ Articles 4, 9 and 14, کیا ان کے تحت ہماری قیدی پارلیمنٹیرین کو، کیا بشریٰ بی بی کو وہ سہولتیں دی جارہی ہیں؟ وہ عزت دی جارہی ہے، اگر نہیں تو پھر میں اپنے بھائی وزیر قانون سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کس طریقے سے وہ اپنے ضمیر کو جواب دیں گے، اس قوم کو جواب دیں گے۔ یہ وقت ٹل جائے گا، یہ شام گزر جائے گی، خدا کے فضل سے صبح آئے گی لیکن ضمیر ہمیشہ ملامت کرے گا کہ جب موقع تھا تو اس وقت آپ نے اس قانون، اس آئین کے تحت جس حالت میں ہماری خواتین گزارہ کر رہی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے لیے شرم کی بات ہے۔ اس کو ان کی بیٹیوں سے نہ ملنے دینا۔ اس کو پارٹی کے لیڈر سے نہ ملنے دینا۔ اس کو وکیلوں سے نہ ملنے دینا، یہ انتہائی شرمناک رویہ ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اعظم صاحب ! کوئی ایسے الفاظ ادا نہ کریں۔ پھر سے ایوان میں بد نظمی پیدا ہو گی۔ آپ تو ماشاءاللہ بڑے سینئر رکن ہیں۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی : یہ ایک اچھا رویہ نہیں ہے، باوقار رویہ نہیں ہے۔ اس سے ہمیں درگزر کرنا چاہیے اور قانون کی حکمرانی کے لیے قانون کا دبے الفاظ میں ہی صحیح حساب دینا چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی سینیٹر ناصر محمود بٹ صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہاں سے تین اراکین نے بات کی۔ ابھی تین اراکین یہاں سے بات کریں گے۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود : یہ مسئلہ ہے ان کا، میں آتا ہوں تو ان کو پریشانی ہوتی ہے۔ ذرا میری بات سنو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ Chair سے مخاطب ہوں۔ جی۔

سینیٹر ناصر محمود: جناب چیئرمین! آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے وقت دیا ہے۔[1][****]۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: غیر پارلیمانی الفاظ نہیں، آپ سیاسی انداز میں جواب دیں۔

سینیٹر ناصر محمود: میں وہی بات کرنے لگا ہوں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، نہیں غیر پارلیمانی ہیں۔

سینیٹر ناصر محمود: مجھے بتائیں کہ جب ان کا دور تھا، انہوں نے ہمارے قائد میاں نواز شریف صاحب کے ساتھ کیا کیا۔ کھانے کو کچھ چیزیں دیں۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House.

ذیشان بھائی! اس کے بعد آپ کو وقت دوں گا۔

سینیٹر ناصر محمود: یہ میری بات نہیں سن رہے ہیں تو پھر میں بھی ان کو نہیں سننے دوں گا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ Chair سے مخاطب ہو کر بات کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: میں irritate ہوتا ہوں جب اس طرح کے [****] بندوں کی آوازیں آتی ہیں۔ اس لیے میں بول نہیں سکتا۔ میں یہ کہہ رہا ہوں۔۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: No cross questions.

سینیٹر ناصر محمود: یہ خاموش ہو جائیں، نہ تو پھر میں اس طرح جواب دوں گا۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ جواب دے دیں۔

سینیٹر ناصر محمود: جب ان لوگوں نے میرے قائد کو کھانے میں زہر دیا، زہر دیا، زہر دیا، تین مرتبہ کہوں گا۔ پھر کیا ہوا، جب ان کے platelets گر گئے۔ انہوں نے کھانے میں ایسی چیزیں دیں، ان کی ڈاکٹر یاسمین راشد نے برملا کہا کہ میاں صاحب کے platelets گر گئے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشال! آپ سے مجھے اس رویے کی امید نہیں ہے۔

[1] *"Words expunged as ordered by the Chair."*.

سینیٹر ناصر محمود: ان کا علاج یہاں نہیں ہو سکتا۔ ہمیں یہ ڈر ہے کہ platelets زیادہ گرے ہیں، ان کو باہر علاج کے لیے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے تحریک پیش کی، یہ رویہ نہیں ہونا چاہیے۔

سینیٹر ناصر محمود: کہ اللہ نہ کرے کوئی واقعہ ہوگا تو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس میں آج کوئی حل نکالتے ہیں۔ آپ پلیز بیٹھیں۔

سینیٹر ناصر محمود: میں اپنے قائد پر قربان جاؤں اور جب وہ بارہ گئے، ڈاکٹروں نے checkup کیا، انہوں نے کہا کہ آپ کے کھانے میں کوئی چیز تھی جس وجہ سے آپ کے platelets گرے۔ میں وہ ریکارڈ لے آؤں گا لیکن میرے قائد نے کہا کہ میں یہ بات نہیں کروں گا۔ انہوں نے یہ بات نہیں کی۔ ان کا علاج ہوا۔ مجھے بتائیں، یہ کہتے ہیں کہ عورتوں کے حقوق، انہوں نے کیا کیا، مریم نواز شریف کراچی میں تھیں، رات دو بجے ان لوگوں نے دروازے توڑے، دروازے توڑ کر کیپٹن صفدر کو گرفتار کیا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے آپ سے یہ امید نہیں ہے۔ جی پلیز۔

سینیٹر ناصر محمود: کلثوم نواز صاحبہ جب ہسپتال میں بیمار تھیں، میں وہاں لندن میں تھا۔ وہ کینسر کی مریضہ تھیں۔ انہوں نے ایک جعلی ڈاکٹر اندر بھیجا جس کو میں نے پکڑا، میڈیا نے پکڑا۔ اس نے کہا کہ میں تو صرف دیکھنے آیا تھا۔ کلثوم نواز صاحبہ یہ کہہ کہہ کر، اسے ثابت کرنا پڑا اور مر گئی کہ مجھے کینسر تھا۔ پھر لوگوں نے معافیاں بھی مانگیں۔ پیپلز پارٹی والے تھے یا جو بھی تھے یا پی ٹی آئی کے لوگ تھے۔ ان لوگوں نے پھر معافی مانگی کہ کلثوم نواز صاحبہ کے بارے میں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اجلاس جب سے شروع ہوا ہے، اس میں جو غیر پارلیمانی الفاظ بولے گئے ہیں، وہ سارے الفاظ حذف کرتا ہوں۔ میں آفس کو کہتا ہوں۔

سینیٹر ناصر محمود: جب یہ لوگ 2018 میں مسلط ہوئے تو یہ بڑے اعلان کرتے تھے کہ ہم آئیں گے تو اتنے ارب اِدھر سے لائیں گے، اتنے ارب اُدھر سے لائیں گے۔ جب آئے اور بیٹھے [2] [****]۔ ملک ریاض کے اکاؤنٹ میں پیسے ڈالے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ الفاظ حذف کرتا ہوں۔

[2] *"Words expunged as ordered by the Chair."*.

سینیٹر ناصر محمود: اور پھر کیا کیا۔ فرح گوگی جہاز میں بیٹھی اور پیسے دے کر چلی گئی۔ ان کو اپنی ان چیزوں پر معافی مانگنی چاہیے۔ یہ کہتے ہیں کہ علاج نہیں ہو رہا۔ بھائی! جب بھی ڈاکٹر کو پتا چلتا ہے یا جیل میں جو بندہ بیٹھا ہے وہ کہتا ہے کہ میری آنکھ میں درد ہے تو رات کو 12 بجے ہسپتال لے کر گئے۔ وہ تمہاری طرح تو نہیں نا کہ وہ امریکہ جا کر کہتا ہے کہ میں نواز شریف کا AC اتار دوں گا۔ میں دیکھوں گا کہ تمہیں کیسے AC لگا کر دیا ہے۔ ابھی آپ لوگ اس کام میں پڑے ہیں، آپ نے جو کیا ہے۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House, please.

سینیٹر ناصر محمود: آپ نے جو کیا ہے وہ آج بھگت رہے ہیں۔ آج آپ معافی مانگ لیں کہ جو اس صاحب نے کیا، غلط کیا تو ہم بھی کہیں گے کہ بھئی! اگر آپ اپنی غلطی پر آ جائیں، آپ کہیں کہ آپ 2018 میں مسلط ہو کر RTS بند کر کے اس ملک کا ستیاناس کر دیا۔ آئی ایم ایف میں ہمیں یہ پھنسا کر گئے۔ ان کا ارسطو کہتا تھا کہ ہم تو آئی ایم ایف کے پاس جائیں گے ہی نہیں اور جب گئے تو ان کے ساتھ اس طرح کے معاہدے کیے اور جب اس کو vote of no confidence کے ذریعے ہٹایا گیا، اس نے پٹرول پچاس روپے سستا کر کے کہا کہ میں نے آئی ایم ایف سے معاہدے توڑ دیے۔ ایسی minds لگا کر جا رہا ہوں کہ جو بھی اس ملک میں آئے گا وہ ٹھیک نہیں کر سکے گا۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ ہم نے ملک کو ٹھیک کیا اور یہ اس کو default پر چھوڑ کر چلے گئے لیکن اب ان کو یہ کہیں کہ ملک اچھا ہو رہا ہے، تمہیں تکلیف ہے تو ہمارے پاس اس کا علاج بھی ہے۔ ہم نے ہندوستان کو مارا، ان کو پریشانی ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر ناصر محمود: ہم نے امریکہ اور ایران کی جنگ بند کرائی تو تکلیف ہے کیونکہ اس کی وجہ سے حالات ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ (جاری۔T10)

**T10-18May2026 Ali/Ed: Shakeel 06:40 pm**

سینیٹر ناصر محمود: (جاری ہے۔۔۔۔) کیونکہ اس کی وجہ سے ان کے حالات ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ ان کی ایک MNA کہتی ہے کہ اللہ معاف کرے Imran نہیں، تو پاکستان نہیں، یہ ان کی حالت ہے۔ آپ کے جو حالات ہیں، اس سے اور بدتر رہوں گے۔ یہ واحد ایک جماعت ہے جو اپنی forces پر حملہ کرتی ہے، باہر بیٹھے ان کے you tubers اپنی forces کو برا بھلا کہتے ہیں۔ مجھے بتائیں، کوئی بھی پاکستانی ایسا کرتا ہے؟ جب ان لوگوں نے ہمیں ملک سے باہر بھیجا، آپ کوئی ایک footage نکال لیں کہ ہم نے کبھی لندن میں Embassy کے

باہر آ کر احتجاج کیا ہو کہ ہماری فوج اچھی نہیں۔ یہ لوگ یہی کام کرتے ہیں، 9 مئی انہوں نے کیا، ان کو سزا ملی۔ اب یہ روتے ہیں، ہمیں بھیج دیا۔ یہ اتنے چوچے ہیں کہ ہم نے ان کو بھیجا کہ جاؤ جا کرو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ غیر پارلیمانی الفاظ ہیں۔ جی، سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ۔

Senator Rubina Khalid: Thank you Chairman Sahib. I just want to make one clarification.

جناب ڈپٹی چیئرمین: آج اس مسئلے کا حل نکالتے ہیں۔

**<u>Senator Rubina Khalid</u>**

سینیٹر روبینہ خالد: ہمارے سینیٹر صاحب، نہایت قابلِ احترام فرطِ جذبات میں پیپلز پارٹی کو بھی ساتھ لے گئے۔ ہم نے، ہمارے جو لیڈر ہیں انہوں نے ہمیشہ عزت واحترام کے رشتے کو سیاست میں ملحوظِ خاطر رکھا ہے۔ یہ ہماری history ہے کہ جتنا احترام ہم کرتے ہیں اپنے سیاسی حریفوں کا بھی، اس کی کہیں بھی آپ کو مثال نہیں ملے گی۔ تو جب بیگم کلثوم نواز بیمار ہوئیں، ہم سب نے ان کی بیماری میں ان کے لیے دعا بھی کی اور ایسی کوئی بات نہیں کی۔ انہوں نے ابھی کہہ دیا کہ جب وہ بیمار تھیں تو پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی دونوں نے اس کو۔۔۔ تو ابھی آپ اس کو excuse کریں، please.

جناب ڈپٹی چیئرمین: بٹ صاحب آپ اجازت لے کر بات کریں۔ اس طرح بات نہ کریں۔ بٹ صاحب please.

سینیٹر روبینہ خالد: بیٹھ جائیں۔ آپ اپنے الفاظ اگر واپس لے لیں تو آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ پاکستان پیپلز پارٹی نہ منفی رویہ رکھتی ہے اور نہ منفی رویہ برداشت کرتی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔ Opposition میں صرف آپ لوگ نہیں ہیں، سارے ہیں۔ جی سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔ سب کی رائے سے کوئی راستہ نکلتا ہوں۔

سینیٹر نسیمہ احسان: بڑی مہربانی، چیئرمین صاحب۔ مشال صاحبہ، آپ ذرا دل بڑا کر کے سنیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ، continue کریں۔

**Senator Naseema Ehsan**

سینیٹر نسیمہ احسان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ چیئرمین صاحب، آپ نے مجھے بولنے کا موقع فراہم کیا۔ آج اس House کو دیکھ کے دل بڑا دکھی ہو رہا ہے۔ دیکھیں، اگر ہم شیشے کے گھر میں رہیں گے تو پتھر ہمارے اوپر گرے ہیں گریں گے۔ لیکن یہ کیا ایک تسلسل ہے کہ ہم ایک دوسرے کے لیڈران کے خلاف کچھ بھی بول دیتے ہیں۔ میری چھوٹی بہن مشال صاحبہ سے بھی humble request ہے اور ناصر بٹ صاحب سے بھی درخواست کرتی ہوں کہ ہم ایک دوسرے کے لیڈران کے خلاف ایسے نہ بولیں۔ اگر دیکھا جائے، صرف خان صاحب اور بشریٰ بی بی کے ساتھ یہ سب کچھ نہیں ہو رہا ہے۔ یہ سارا کچھ آپ کے علم میں ہوگا، اگر آپ اس وقت پیدا ہوئیں تھیں یا نہیں ہوئیں تھیں، لیکن محترمہ بینظیر صاحبہ کے ساتھ کیا کیا گیا۔ ہاں میں ان کی جماعت سے نہیں ہوں، لیکن جو ظلم ہوا، ایک تسلسل ہے۔ میرے کہنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کس نے کیا ہے۔ ایک تسلسل ہم نے رکھا ہے کہ آج یہ ہے تو کل وہ۔ مطلب یہ ہے کہ اگر آج آپ لوگوں کے ساتھ ہو رہا ہے، تو کل اس کے ساتھ ہوگا اور یہ باتیں ہم لوگ کیوں کرتے ہیں؟ جب ہم اقتدار میں ہوتے ہیں، تو ہم لوگ یہی کہتے ہیں، ہمارے لیڈران یہی کہتے ہیں، ہماری Government یہی کہتی ہے کہ ہم ان کا پیٹ چیر کر وہ سب کچھ لے آئیں گے۔ ہمیں اس راستے کو روکنا چاہیے۔ ان باتوں کا ہمیں خیال رکھنا چاہیے۔

میاں صاحب اور ان کی بیٹی جب قید میں تھیں، تو ان کی بیگم کا انتقال ہو گیا، تو اس وقت میاں صاحب کے ساتھ کیا کچھ ہو رہا تھا۔ حالانکہ میں نہ PTI سے ہوں، نہ پیپلز پارٹی سے ہوں، نہ ن لیگ سے ہوں، جو حق اور سچ کی بات ہے۔ نواب نوروز خان کے ساتھ بھی یہی ہوا تھا، پہاڑوں سے جب اسے کلام پاک کے سائے میں لے کر آئے تھے کہ آپ آ جائیں، لیکن پھر بھی ان کے ساتھ کیا ہوا؟ باقی لیڈران کے ساتھ کیا ہوا؟ بھٹو صاحب کے ساتھ کیا ہوا؟ محترمہ بینظیر، جب قید و بند میں تھیں، ان کی والدہ، بیگم نصرت صاحبہ ان سے ملنے گئی تھیں، ان کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی، اس کے لیے ان کو ایک پنکھا تک نہیں دیا گیا۔ جب وہ بخار میں تھیں، تو ان کی والدہ نے کہا کہ آپ ایسے کریں کہ گیلا دوپٹہ اپنے اوپر لے لیں تاکہ آپ کو ٹھنڈ محسوس ہو۔ یہ سارا کچھ ہو رہا ہے، اب اس راستے کو روکنا چاہیے۔

یہاں سے ہم یہ کہیں گے کہ نہیں، یہ ہمارے ساتھ ہوا ہے، ہمارے لیڈران کے ساتھ ہوا ہے۔ بلوچوں میں ایک لفظ کہتے ہیں سکی، ہم ان کو سنگین رکھیں، ایک سکی والے راستے پر کیوں لے جا رہے ہیں؟ یہاں سے کچھ بول رہے ہیں، وہاں سے کچھ بول رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محترمہ، اس کا کوئی حل بتا دیں۔

سینیٹر نسیمہ احسان: ہاں، Treasury bench کو دل بڑا کرکے ان کو سننا چاہیے، پھر آپ کے پاس جواب کا حق ہے، آپ جواب دیں۔ جس طرح کے یہ ظلم ہو رہے ہیں، اس تسلسل کو روکا جائے۔ ایسے نہ ہو کہ کل، خدانخواستہ، جو دوسری Governmentآئے گی، وہ ان کا راستہ اسی طرح روکے رکھے۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے۔

چیئرمین صاحب، میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس تسلسل کو ہمیں روکنا چاہیے۔ ایک دوسرے کے لیڈران کے خلاف جو ہم ایسے ہی کچھ بھی بول دیتے ہیں، اس کو بند کرنا چاہیے۔ ایک دوسرے کے لیڈران کا احترام کرنا چاہیے۔ ہمارا مذہب اسلام یہی کہتا ہے کہ کسی کے مذہب کو آپ غلط نہ کہیں، تاکہ آپ کے دینِ اسلام کو کوئی غلط نہ کہے۔ تو کیوں آپ کے لیڈران کو وہاں سے غلط کہا جارہا ہے اور یہاں سے ان کے لیڈران کو غلط کہا جارہا ہے؟ اس تسلسل کو روکا جائے۔thank you Mr. Chairman, آپ نے مجھے بولنے کا موقع فراہم کیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر منظور احمد صاحب، جی بات کریں۔

سینیٹر منظور احمد: Point of Orderپر بولنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ضرور دیں گے، میرا وعدہ ہے، سب کو دیں گے۔

سینیٹر منظور احمد: کیا مطلب ہے کہ ہم یہاں سے چلے جائیں؟ پارلیمانی لیڈر ہیں۔ یہ کون سا رویہ ہے؟ ہم لوگ فالتو بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہم لوگ جائیں؟ آپ جانا چاہتے ہیں، بے شک چلے جائیں۔ کیا ہم لوگ نہیں بول سکتے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے بعد خرم شہزاد بات کریں گے اور دوست محمد خان صاحب بات کریں گے۔ اس کے بعد دونوں کو موقع ملے گا۔ خرم شہزاد صاحب اور دوست محمد خان صاحب .please منظور احمد پارلیمانی لیڈر ہیں، بات کریں۔ ناصر محمود بٹ صاحب، یہ روایت ٹھیک نہیں۔

**Senator Manzoor Ahmed**

سینیٹر منظور احمد: شکریہ جناب چیئرمین، ایک چیز آج دیکھنے کو مل رہی ہے، پہلے بھی یہ کہتا رہا کہ ہم نے عوام کے لیے کچھ بولنا نہیں ہے۔ عوام کو تو ایسے ہی ہم نے دھوکے میں رکھا ہوا ہے، چاہے ہم جہاں پر بھی بیٹھیں۔ اب عوام کی بات تو ہو ہی نہیں رہی ہے اور معافی چاہتا ہوں کہ لیڈران کو، مشران کو، بے عزتی کی طرف لے جارہے ہیں۔ پھر کہوں گا کہ خدا کے لیے آپ لوگ سیاست میں خواتین کو نہ گھسیٹیں۔ وہ اپنے گھر میں بیٹھی ہوئی ہیں، وہ سب ہماری ماں بہنیں ہیں۔ اگر آپ کسی کی بہن کو بے عزت کروگے، تو کیا وہ آپ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا؟ پھر

کہوں گا کہ یہ تسلسل سب نے کیا ہے، پھر شاید میرے دوست مجھ سے ناراض ہو جائیں۔ پھر کہوں گا، میں مسلم لیگ ن سے نہیں ہوں، میں پیپلز پارٹی سے نہیں ہوں، میں PTI سے نہیں ہوں، میں بلوچستان عوامی پارٹی سے ہوں۔

اس میں دوسری بات کہ آج پھر کہوں گا کہ یہی باتیں ہم اسی ایوان میں کر رہے ہیں کہ اس کے ساتھ یہ ہوا۔ اگر بشریٰ صاحبہ کے ساتھ غلط ہو رہا ہے تو نہیں ہونا چاہیے، اگر یاسمین راشد کے ساتھ ہو رہا ہے تو نہیں ہونا چاہیے، ایک راستہ نکلنا چاہیے۔ لیکن پھر یہ کہوں گا کہ جب رات کے اندھیرے میں مریم نواز کے دروازے توڑے جاتے تھے، تو اس وقت آپ کو یاد نہیں تھا؟ اس وقت بھی وہ خواتین تھیں۔

Mr. Deputy Chairman: No cross talk, Order in the House, please.

منظور کاکڑ صاحب، آپ chair سے مخاطب ہوں۔

سینیٹر منظور احمد: وہ کسی کی بہن نہیں تھی، وہ خاتون نہیں تھی؟ (جاری ہے۔۔۔T-11)

**T11/18May2026 Naeem Bhatti/ED: Shakeel 6:50 pm**

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: (جاری۔۔۔۔) وہ کسی کی بہن نہیں تھی، وہ خاتون نہیں تھی؟ یہاں human rights کی باتیں تو ہو رہی ہیں، human rights پر بہت اچھی debate ہو رہی ہے۔ اگر آپ human rights کی باتیں کرتے ہیں تو پھر آپ نے جو بویا تھا، آج کاٹ رہے ہیں۔ ہم اسی لیے کہتے ہیں کہ آئیں اور مل کر اس چیز کو بیچ سے نکال دیں اور اپنے بڑوں کو نہ گھسیٹیں۔ آپ کا لیڈر عمران خان ہمیں پیارا ہے، ہم سلام کرتے ہیں، اسی طرح نواز شریف صاحب بھی کسی پارٹی کے لیڈر ہیں، یہاں ان کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ کسی سے کم ہیں، ان کو بھی سلام ہے۔ آصف علی زرداری صاحب عزت نہیں رکھتے، وہ بھی کسی پارٹی کے لیڈر ہیں۔ تمام پارٹیاں قربانی دے کر یہاں تک پہنچیں ہیں، کس پارٹی نے قربانی نہیں دی، کس پارٹی نے شہداء نہیں دیے ہیں؟ ANP یہاں موجود نہیں ہے، باقی پارٹیاں یہاں موجود نہیں ہیں، National Party یہاں بیٹھی ہوئی ہے، کیا انہوں نے قربانیاں نہیں دیں؟ آج ہم یہاں ایک دوسرے کے ساتھ دست و گریبان ہیں، ہم ایک دوسرے کی بے عزتی کر رہے ہیں۔ ہونا یہ چاہیے تھا کہ ہم اس پارلیمنٹ کو مضبوط بناتے لیکن اس طرف ہماری سوچ ہی نہیں ہے، ہم نے اس طرف آنا ہی نہیں ہے، ہم نے صرف اپنے نمبر بنانے کے لیے، ٹکر چلانے کے لیے کہ میں کیا کر رہا ہوں۔ آئیں! مل کر کام کریں، اس عوام کے لیے کام کریں، بہت کچھ ہوا، میڈیا والے بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے لیے ہم نے کیا کیا ہے، باقی جتنے بھی ادارے ہیں ان کے لیے ہم نے کیا کیا ہے؟

اس وقت ملک کے جو حالات ہیں، ان کے لیے ہم نے کیا کیا ہے؟ ہم صبح سے بیٹھے ہوئے ہیں، دو، تین گھنٹے ہو گئے ہیں، ہم کیا سن رہے ہیں، یہ آپ کے سامنے ہے۔ خدارا! اس ملک پر رحم کریں، عوام پر رحم کریں اور ان ایوانوں پر رحم کریں۔ آئیں! مل کر اس چیز کو آگے لے کر جائیں۔

جناب والا! میں نے point of order پر ایک بات کرنی ہے، اب میں یہ بات کروں گا تو شاید بھائی اعتراض کریں۔ ایک public importance کا معاملہ ہے، لوگ مشکلات کا شکار ہیں، لک پاس کا واقعہ ہوا، آپ بھی بلوچستان سے ہیں، بھائی لوگ جانتے ہیں، تیس ارب روپے کا سامان پڑا ہوا تھا، جب اسے آگ لگی، وہ آگ لگی یا لگائی گئی؟ وہاں موبائل تھے، تاجروں کے کپڑے تھے، اس کے علاوہ دوسرا سامان وہاں پڑا ہوا تھا اور تیس ارب روپے کے سامان میں آگ لگ گئی اور لوگ اپنے سامان کو دیکھ رہے تھے۔ وزیر صاحب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں سے FIA کی team وہاں گئی، اب FIA اس کی report دے گی۔ کیا FIA صحیح report دے گی؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: منظور کاکڑ صاحب! آپ senior parliamentarian ہیں، اس کے لیے الگ سے notice جمع کروا دیں تاکہ اس پر بات ہو سکے۔

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: جناب والا! اسی لیے میں نے کہا کہ جب point of order or point of public importance کی بات آتی ہے۔ جن لوگوں کا سامان جل گیا، میں انہیں کیا بتاؤں گا کہ میں ان کے لیے point of order پر بات کر رہا ہوں اور مجھے یہ کہا جا رہا ہے کہ آپ اسے الگ سے ایوان میں لے کر آئیں۔ میں پھر کہوں گا کہ میں عوام کی بات کر رہا ہوں۔ وہ لوگ جس تکلیف میں ہیں، ان کے telephones آ رہے ہیں۔ جو بڑے تاجر ہیں ان کا کچھ نہ کچھ سامان ہو گا، جو گاڑیاں قانونی تھیں، وہ بھی ساری جل گئیں، جو گاڑیاں رکھی گئی تھیں، وہاں تمام سامان جل گیا، FBR سے بات کریں یا وہی Customs ہے۔ ہمارے سامنے چاندنی کا scandal آیا، ایسے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں کہ جنہوں نے اچھی کارکردگی دکھائی، سامان پکڑا لیکن وہ کدھر چلا گیا۔ میں پھر کہوں گا کہ ہمیں یہ چیزیں آگے لے کر جانی ہوں گی۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ اس معاملے کو کمیٹی میں refer کریں یا وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اس حوالے سے وہ جواب دے دیں۔ میں یہ نہیں کہوں گا کہ صرف بلوچستان، چاہے پنجاب میں ہو، چاہے سندھ میں ہو یا چاہے خیبر پختونخوا میں ہو۔ FBR کے حوالے سے جو آپ کو tax لگا کر دے رہے ہیں، آپ اس سے بات کریں۔ جو policy بنائی گئی، گل احمد انڈسٹری بنگلہ دیش shift ہو گئی ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ کے tax اور آپ کی policy ہے، آپ نے 55% tax لگایا ہوا ہے، اسے کون برداشت کرے گا۔ اس کے علاوہ بھی جو فیکٹریاں ملک سے باہر گئی ہیں، ہم تو چاہتے ہیں کہ یہاں investor آئے لیکن وہ یہاں سے جا رہے ہیں۔ ہم نے اپنی policy کو بہتر کرنا ہو گا۔

جناب والا! لک پاس کے حوالے سے میں نے جو واقعہ بیان کیا، اگر اس کے لیے compensation کی بات کی جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر خرم ذیشان صاحب۔

**Senator Khurram Zeeshan**

سینیٹر خرم ذیشان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اس ایوان میں شاید یہ میرا پہلا اور عین ممکن ہے کہ آخری خطاب بھی ہو۔ یہاں ہم کچھ expectations لے کر آئے تھے کہ یہاں بات کہی جائے گی اور بات سنی جائے گی، ورنہ یہ شور شرابا، یہ ساری چیزیں الحمدللہ اگر کرنے پر آئیں تو ہم سے بہتر کوئی نہیں کر سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ماشاءاللہ اس کام میں آپ بہت ماہر ہیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: جی۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: آپ تسلی سے سنیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: غیر اخلاقی الفاظ نہ ہوں، اپنی بات کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: میں یہاں بات کر رہا ہوں اور جس spirit میں ہماری معزز colleague روبینہ صاحبہ نے بات کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اصل موضوع پر بات کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: میں اصل موضوع پر ہی آ رہا ہوں، it is my first speech اور میں چاہوں گا کہ میں اپنا پورا وقت لوں، یہ میرا استحقاق ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قانون کے مطابق آپ کو جتنی اجازت ہو گی کیونکہ اس کے بعد آپ کے ہی ایک ساتھی نے بات کرنی ہے۔

سینیٹر خرم ذیشان: جی مجھے قانون کے مطابق کتنے وقت بات کرنے کی اجازت ہے۔ ہمارے لیے سارے قانون ہیں اور کہیں کوئی قانون نہیں ہے۔ قانون کے مطابق یہ بھی ہے کہ Rule 218 کے تحت جب یہاں سے motion pass ہوتا ہے تو پانچ لوگ یہاں سے بولیں گے اور پھر وہاں سے کوئی بولے گا۔ ہمارے لیے قانون ہے، باقیوں کے لیے کوئی قانون نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قانون سب کے لیے ہے، آپ Order No. 37 پر بات کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: جناب! میں آج اپنی پہلی تقریر کر رہا ہوں and it is going to be a comprehensive speech, میں کسی specific چیز پر بات نہیں کرنا چاہتا۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں گے تو میں بات کروں گا، اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں short بات کروں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: خرم صاحب! آپ کے پارلیمانی لیڈر، وزیر قانون اور قائد حزب اختلاف کی request پر آپ کو وقت دے رہا ہوں۔ آپ بات کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: جی میں بات کر رہا ہوں۔ بات یہ ہے کہ یہاں سے ایک خاتون کھڑی ہو کر آپ کے سامنے، اس ایوان بالا کے سامنے ایک مدعا بیان کر رہی ہے، آپ وہاں کھڑے ہو کر اس پر چیخیں اور فقرے کس رہے ہیں، یہ آپ کا ایوان بالا ہے؟ یہاں بیٹھ کر کس بات پر بحث ہوتی ہے کہ بائیس گریڈ کے تمام secretaries کے پاس blue passport ہے، ہمارے پاس کیوں نہیں ہے، آپ کو ہر معاملے میں VIP چیزیں کیوں چاہییں؟ آپ کو ہر چیز میں مراعات چاہییں، یہاں پر کتنی مرتبہ پیاز، آلو اور ٹماٹر کی قیمتوں پر بات ہوئی ہے؟ آپ کو اپنے لیے بھی تاحیات پاسپورٹ چاہیے اور اپنی اٹھائیس سال تک کی اولاد کے لیے بھی یہ چاہیے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جو لوگ موجود نہیں ہیں، ان کا نام نہ لیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: میں کسی کا نام نہیں لے رہا ہوں۔ عمران خان نے جتنی حکومت کی، آپ نے اس سے زیادہ وقت گزار لیا ہے، آپ بتائیں کہ ملک کو کہاں پر لے آئیں ہیں، آپ نے کیا کیا ہے؟ آج پاکستان کا poverty index کہاں پہنچ گیا ہے؟ آپ کبھی اس ایوان کو بتائیں کہ [XXX][3] آپ ملک کے [XXX] چکے ہیں، آپ نے کون سی [XXX] رکھی ہوئی ہیں، آپ نے [XXX] کون سے [XXX]

جناب ڈپٹی چیئرمین: جن باتوں کا ثبوت نہیں ہے، ان الفاظ کو اجلاس کی کارروائی سے expunge کرتے ہیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: اگر ثبوت نہیں ہیں تو deny کر دیں، ہم مان جائیں گے۔

[3] [Words expunged as ordered by the Chair

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ human rights پر بات کریں، آپ motion پر بات کریں، اس طرح پھر ماحول خراب ہو جاتا ہے۔

سینیٹر خرم ذیشان: میں ماحول خراب نہیں کر رہا، میرے کچھ سوالات ہیں، اگر ایوان بالا میں ہم سوالات نہ کریں تو پھر کہاں سوالات کریں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: جی میں سوال ہی کر رہا ہوں، میں سوال کرتا ہوں تو آپ منع کرتے ہیں۔ سیاسی قیدی جو ہوں، آپ کے ہوں یا ہمارے ہوں، یہ بڑی simple سی بات ہے، اس پر کسی کو بھی سیخ پا ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہاں بڑی باتیں ہوئیں، اس کو ایسے کر دیا، اُس کو ویسے کر دیا، اصل بات کیا ہے 'جس کا سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا، وہ بات اس کو بڑی ناگوار گزری ہے'۔ آپ کے ساتھ ہوا ہے، پیپلز پارٹی کے ساتھ کیا نہیں ہوا، اے این پی کے ساتھ کیا نہیں ہوا، پی ٹی آئی کے ساتھ کیا نہیں ہو رہا، آپ اتنی ہمت تو پیدا کریں کہ جو یہ کرتا ہے اس کا نام لیں۔

(جاری۔۔۔۔۔T/12)

T12–18May2026 Imran/ED: Waqas 07:00 pm

سینیٹر خرم ذیشان: (جاری۔۔۔۔) PTI کے ساتھ کیا نہیں ہو رہا۔ اتنی ہمت تو پیدا کرو کہ جو کرتا ہے اُس کا نام لو۔ آپ لوگ میری باتوں کا برا نہیں منانا کیونکہ سچی بات کڑوی ہوتی ہے۔

**(مداخلت)**

سینیٹر خرم ذیشان: میں نام لیتا ہوں میں، ہمیشہ لیتا ہوں۔ بالکل لیتا ہوں۔ میری بات سنیں۔ آپ لوگ پہلے اتنی جرات تو پیدا کریں، او بھائی، او بھائی۔

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: ناصر بٹ صاحب! پلیز بیٹھ جائیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: پھر بیچ میں cross talk, پھر بیچ میں ماحول خراب، بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House.

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: حوصلہ کرو اور سنو۔ حوصلہ کرو اور سنو۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: بٹ صاحب! پلیز۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: جی، آپ مجھے ایک بات بتائیں۔ آپ یہاں پر اپنی فتوحات کا جشن منا رہے ہیں اور میرے خیبر پختونخوا میں بنوں میں اُس دن پینتیس نوجوانوں کے جنازے پڑے ہوئے تھے۔ اتنی بے حسی بھی ہوتی ہے۔ کسی کو توفیق نہیں ہوئی کہ اُن شہیدوں کے لیے ہاتھ اُٹھا لیتے اور دعا کر لیتے۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: جی جی! میں نے آپ کو کہا تھا کہ دعا کریں۔ جب ختم ہو گیا تب آپ کو یاد آیا کہ دعا کرنی ہے۔ ٹھیک ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: آپ خاموش ہو جائیں۔ بیچ میں cross talk نہ کریں ورنہ آپ بات نہیں کر سکیں گے۔ میں بات کر رہا ہوں تو بیچ میں cross talk نہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: خرم صاحب! آپ Chair کو مخاطب کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: میں آپ کو مخاطب کر رہا ہوں تو کوئی مجھے مخاطب نہ کرے۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: میں CM سے بھی پوچھ لوں گا، فی الحال میں یہاں پر آپ سے پوچھنے کے لیے آیا ہوں۔ CM سے میں اپنے صوبہ میں جا کر ضرور پوچھ لوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سات منٹ میں آپ نے دس مرتبہ اپنی آستینیں اوپر کی ہیں۔ تو آپ کسی اور کو بھی وقت دے دیں یا کسی اور موضوع پر بھی بات کر لیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: کیا مطلب۔ نہیں نہیں نہیں نہیں نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے دس مرتبہ آستینیں اوپر کی ہیں۔ وہ آپ بعد میں جب ہم Chair سے نیچے آئیں گے تو۔۔۔

سینیٹر خرم ذیشان: کدھر سے نیچے آئیں گے جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بات کریں۔ آپ کو آٹھ منٹ ہو گئے ہیں تو اصل بات کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: جناب، آپ تو میرے ساتھ arguments کر رہے ہیں۔ You have no rights. آپ مجھے یہ نہیں بتا سکتے کہ میں آستینیں اوپر کر لوں یا نیچے کروں۔ You cannot tell me that. میں جو بات کر رہا ہوں وہ آپ کو سننی پڑے گی۔ حوصلہ کریں اور ان کو حوصلہ دلائیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر خرم ذیشان: بیٹھیں۔ میں آپ کے فائدے کی بات کر رہا ہوں، اپنے فائدے کی بات نہیں کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بات کریں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر خرم ذیشان: چیئرمین صاحب! میرا کوئی غیر پارلیمانی رویہ نہیں ہے۔ میں بات کر رہا ہوں تو آپ سنیں۔ چیئرمین صاحب! ماحول کو جان بوجھ کر خراب نہ کیا جائے۔ ہم نے آپ کی چیخیں وغیرہ بھی بہت سنی ہوئی ہیں، ٹھیک ہے؟ ہم چلا نہیں رہے، ہم چیخ نہیں رہے، ہم پارلیمان میں آ کر۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: علی ظفر صاحب! ان کو بولیں کہ اصل مدّعا پر بات کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: میں اصل مدّعا پر ہی آ رہا ہوں۔ آپ cross talk بند کروائیں۔ ماحول تھوڑا سا ٹھیک کریں، اصل مدّعا پر ہی آ رہا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: Please order in the House.

سینیٹر خرم ذیشان: جو senior لوگ یہاں پر بیٹھے ہوئے، میں اُن کو مخاطب کر کے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے اور سب نے ماضی میں ہی رہنا ہے اور دائروں کا سفر کرنا ہے، تو لگے رہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Future کی بات کریں جی۔

سینیٹر خرم ذیشان: اور اگر آپ آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو وہ بات اس ایوان سے شروع ہونی چاہیے لیکن اس ایوان میں جب ہم لوگوں کا رویہ ایسا ہو گا، جو [4][***] کا بھی نہیں ہوتا، تو پھر کیسے آگے بڑھے گا؟ ٹھیک ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس کو expunge فرمادیں۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: میں آگے بڑھنے کی بات کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: خرم صاحب! آپ کے دس منٹ ہو گئے ہیں۔ دس منٹ سے زیادہ۔۔۔

سینیٹر خرم ذیشان: اگر دس منٹ اور ہو جائیں گے تو کیا ہو جائے گا جی۔ آپ نے یہاں گھنٹوں تقریریں کیں ہیں، آج پہلی دفعہ اس ایوان میں ایک مزدور کا بیٹا آ کر بول رہا ہے تو آپ کو دس منٹ یاد آ گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں بھی مزدور کا بیٹا ہوں، ڈپٹی چیئرمین ہوں۔

سینیٹر خرم ذیشان: مجھے پتا ہے کہ یہ پاکستان کی اشرافیہ کا ایک debating platform ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، میں بھی middle class سے ہوں۔ اس میں کوئی issue نہیں ہے کہ آپ کہاں سے ہو۔ یہاں پر بہت سے لوگ middle class سے ہیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: آپ کو بات سننی پڑے گی۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ پچیس کروڑ لوگوں کی نمائندگی پاکستان کی چند مُٹھی بھر اشرافیہ، وہ بیٹھ کر اپنے blue passport پر، اپنی مراعات میں بات کرے اور غریب کی یہاں بات نہ ہو۔ میں بات کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔

سینیٹر خرم ذیشان: نہیں شکریہ نہیں۔ ابھی میری بات پوری نہیں ہوئی۔ مہربانی کرکے مجھے وقت دیں۔

[4] "Words expunged as ordered by the Chairman.".

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے دس منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر خرم ذیشان: دس منٹ نہیں، مجھے آپ کو time دینا ہوگا۔ بالکل دینا ہوگا۔ جی۔ ہمارے جیل میں سے پندرہ قیدی باہر آئے ہیں۔ اُن میں سے گیارہ قیدی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سندھو صاحب۔ ان کا mic بند کریں جی۔ اس کے بعد دوست محمد صاحب کو وقت ملے گا۔

**Point of Order raised by Senator Khalil Tahir regarding role of media in reporting sensitive case of alleged drug dealer**

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین!

**(مداخلت)**

سینیٹر خلیل طاہر: مجھے چیئرمین صاحب نے اجازت دی ہے۔ جناب چیئرمین! میرا بہت important Point of Order ہے and I am really thankful کہ مجھے وقت دیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے پاس پانچ منٹ سے زیادہ وقت نہیں ہے۔ اپنی بات دو منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب، میں دو منٹ لوں گا اور بات مکمل کروں گا۔ جس طرح ایک دن جیو کے ساتھ ہوتا ہے نا، یار ایک منٹ بات کرنے دیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر خلیل طاہر: یار آپ تو ان میں سے عقلمند آدمی ہیں۔ پلیز۔ میں Point of Order پر بات کر رہا ہوں۔ You know that as per rules I can take...

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اُن سے بات نہ کریں۔ آپ Chair سے مخاطب ہوں۔

سینیٹر خلیل طاہر: مجھے Point of Order پر ڈپٹی چیئرمین نے اجازت دی ہے۔ جناب میں کسی کی مخالفت میں بات نہیں کر رہا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے بعد دوست محمد خان صاحب کی باری ہے۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب، سب سے پہلے تو یہ poultry farm بند کروائیں۔ جناب پلیز پہلے یہ poultry farm بند کروائیں۔ جناب چیئرمین، ایک simple سی بات ہے کہ آج کل ایک انمول عرف پنکی کو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں، پھر مجھے سختی کرنی پڑے گی۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین، جب یہاں human rights ہیں تو پھر human wrongs بھی ہیں۔ جناب چیئرمین۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر خلیل طاہر: میری بہن۔ آپ پلیز ایک منٹ بیٹھیں۔ جناب چیئرمین، بات صرف اتنی سی ہے کہ آج کل اس طرح چل رہا کہ جس طرح چوہدری سہیل وڑائچ صاحب کا ایک دن جیو کے ساتھ چلتا ہے۔ ایک عورت انمول عرف پنکی کو گرفتار کیا ہے اور میں اپنے media سے، I have a lot of respect for them. Media ہمارے معاشرے کی آنکھیں، چہرے اور ہاتھ ہیں۔ ان کے بغیر ہم بھی نہیں چل سکتے، نہ یہ ہمارے بغیر چل سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی۔

سینیٹر خلیل طاہر: لیکن جو کچھ ہو رہا کہ daily کوئی نہ کوئی ایسا vlogger یا کوئی اور بندے کہ جی فلاں اتنے سیاستدانوں کے نام آ گئے۔ وہ کسی کا نام نہیں لیتے۔ اتنے سینیٹروں کے نام آ گئے، اتنے RPOs کے نام آ گئے، اتنے پولیس والوں کے نام آ گئے، اتنے foreign office والوں کے نام آ گئے۔ جناب چیئرمین، اگر ہے تو اس سارے ایوان کا وقار مجروح نہیں ہونا چاہیے۔ میں اپنے بھائیوں سے، بہنوں سے گزارش کروں گا کہ آپ کہتے ہمارے پاس معلومات تھے، اگر ہم میں سے کوئی ہے تو اُس کو اٹھائیں۔ اگر اور کوئی ہے تو اُس کو اٹھائیں، اُس کا نام لیں لیکن اس طرح بَرملا آپ public at large کسی کو بدنام نہ کریں۔

میں آپ سب سے بڑی humble request کر رہا ہوں۔ اس میں please آپ mind نہ دیجیے گا۔ یہ میں نے specific بات کی ہے۔ میں نے اس میں کوئی ایسی بات نہیں کی کہ جیسے میں اپنے media کے بھائیوں کو ناراض کروں۔ صرف یہ ہے کہ ہر ایک کے ساتھ ایسا نہ کریں کہ مطلب ہر کوئی اپنے آپ میں دیکھے کہ پتا نہیں وہ کون ہے؟ معاشرے کے لوگ ہمیں سمجھے کہ پتا نہیں ان میں سے کون ہے۔ تو میں نے صرف یہ بات کرنی تھی۔ Thank you very much۔ جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ سینیٹر دوست محمد خان صاحب۔

سینیٹر دوست محمد خان: ہمارا بڑا زبردست بھائی کھڑا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، بعد میں، بعد میں۔

سینیٹر دوست محمد خان: میں اپنا وقت اُنہیں دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں، ٹھیک ہے۔ خرم صاحب، آپ نے دو منٹ میں اپنی بات کو ختم کرنا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر خرم ذیشان: بھائی حوصلہ کرو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے ساتھ کسی کا کوئی issue نہیں ہے۔

سینیٹر خرم ذیشان: اگر issue نہیں ہے تو بولنے تو دینا نا۔ میں تو آگے بڑھنے کی بات کر رہا ہوں اور House کا ماحول خراب کہاں سے ہوا؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: گیارہ منٹ پر ابھی سے شروع کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: بیس بھی ہو جائیں گے تو پھر کیا ہو گیا۔ میں نے اُس دن ہمارے محترم۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرا خیال ہے کہ یہ رات کو سہی سویا نہیں ہے۔

سینیٹر خرم ذیشان: نہیں جی، یہاں سب سوئے ہوئے ہیں، میں یہاں پر جگانے کے لیے آیا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ میٹھی باتیں کیا کریں۔

سینیٹر خرم ذیشان: میں میٹھی بات ہی کر رہا ہوں۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی گئی)

(جاری۔۔۔۔۔T12)

T13-18May2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 7:10 pm

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، پلیز، سینیٹر خرم ذیشان صاحب۔

سینیٹر خرم ذیشان: (جاری۔۔۔) جناب چیئرمین! اگر ماحول ٹھیک رکھا جائے گا تو definitely ہم چاہتے ہیں، یہ صرف ہماری پارٹی کی بات نہیں ہے یا کسی ایک لیڈر کی بات نہیں ہے، یہ بات ہے ملک کی، پچیس کروڑ لوگوں کی بات ہے۔ ہم ایک ایٹمی ملک ہیں، یہ پچیس کروڑ لوگوں کی بات ہے۔ آپ مجھے اپنے ایمان سے بتائیں کہ آپ نے اس چار سال میں کیا حاصل کیا؟ کیا 2022 میں اپریل سے لے کر آج تک economy آپ کی اوپر گئی ہے یا نیچے گئی ہے؟ آپ کا اس پارلیمنٹ کے اندر کیا ہوا؟ آپ کی پارلیمنٹ کی وقعت کیا رہ گئی ہے؟ آپ کی عدلیہ کی وقعت کیا رہ گئی ہے؟ آپ کا آئین، اس کو مسخ کر دیا گیا ہے۔ یہ آگے بڑھنے کے طریقے۔۔۔

اس دن نہایت اخلاص کے ساتھ ہمارے Leader of the Opposition جناب علامہ ناصر عباس صاحب نے انتہائی اخلاصِ نیت کے ساتھ آپ سے گزارش کی کہ جناب! آپ family وغیرہ ساری چیزیں چھوڑیں، یہ پاکستان کا ایوانِ بالا ہے، آپ یہاں سے ایک committee بنالیں۔ کیا آپ کے پاس اتنا بھی اختیار نہیں ہے؟ آپ جانتے ہیں کہ لوگوں کو بہت تشویش ہے۔ اگر یہی رویہ رہنا ہے تو ظاہر ہے پھر آپ دائروں کا سفر کرنا چاہتے ہیں، تو پھر لگے رہیں لیکن جب تک اس ملک میں political stability نہیں ہوگی، معاشی طور پر اس ملک میں استحکام نہیں آسکتا۔ میں حلفاً آپ سے کہتا ہوں کہ عمران احمد خان کے بعد پاکستان میں political stability آ ہی نہیں سکتی۔ پہلی بات۔

دوسری بات، بالکل انہوں نے کہی کہ آپ facts پر بات کریں، آپ کے knowledge میں، ایوان کے سامنے، ایک انتہائی تشویشناک بات رکھنا چاہتا ہوں۔ ہمارے military قید میں سے پندرہ قیدی رہا ہوئے، وہ عام جیلوں میں تھے۔ ان میں سے گیارہ قیدی نکلنے کے چند مہینوں کے اندر اندر hepatitis سے ان کی death ہوگئی۔ اچانک، بالکل صحت مند نوجوان۔

ڈپٹی چیئرمین: کہاں سے ہوئی؟

سینیٹر خرم ذیشان: قید سے، جیلوں سے وہ باہر نکلے ہیں، ہمارے گیارہ لوگوں کی سب کے سب hepatitis سے death ہوئی ہے۔ ان کے ساتھ جیل میں کیا ہو رہا ہے؟ میں چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں اس پر بات کی جائے اور انسانی حقوق کی Committee اس کو اٹھائے، اس چیز پر بات ضرور کریں۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ کوئی بھی راستہ، اگر آپ چاہتے ہیں کہ کوئی بھی راستہ آگے کی طرف نکلے، تو جو علامہ صاحب نے بات کی ہے، اس ایوان کو اس میں کردار ادا کرنا چاہیے۔ ہم سب لوگ آپ کی بات سننے کا حوصلہ ضرور رکھتے ہیں لیکن آپ کو بھی سننے کا حوصلہ رکھنا

چاہیے۔ آخر میں صرف اتنا آپ سے کہوں گا کہ جیسے سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس نے ایک committee کا آپ کو کہا ہے، اگر یہ ایوان مناسب سمجھے تو وہ committee تشکیل دے دیں اور وہ جا کر ملاقات کرکے وہاں پر آ جائیں اس سے بہت ساری باتیں clear ہو جائیں گی۔ اس میں کوئی undue demand نہیں ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس میں عدالت وغیرہ کا کچھ نہیں ہے، آپ Supreme House ہیں، آپ یہ کام کر سکتے ہیں۔ یہ کام فوری طور پر کریں۔ جتنی لوگوں میں تشویش ہے، اگر آپ واقعی چاہتے ہیں کہ ملک آگے بڑھے، آپ واقعی لوگوں کی تشویش کو دور کرنا چاہتے ہیں، آپ temperature کو نیچے لے کر جانا چاہتے ہیں، تو please یہ کام آپ کو کرنا ہوگا۔ مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، اس سے پہلے کہ میں کسی کو۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے اپنا نمبر اُن کو دے دیا۔ آپ نے اپنی مرضی سے دیا ہے۔ جی، آپ نے اپنا نمبر سینیٹر خرم ذیشان صاحب کو دے دیا۔ اس سے پہلے کہ میں کسی اور معزز سینیٹر صاحب کو موقع دوں، ہمارے مہمانوں کی gallery میں معزز ممبران قومی اسمبلی، انجم عقیل خان صاحب اور ثناء اللہ خان صاحب ایوان کی gallery میں بیٹھے ہیں، ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر ذیشان خان زادہ صاحب، پلیز۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ آپ کی جگہ پر، آپ ان کی جگہ پر، اس طرح ایوان میں نہیں ہوتا ہے۔ جی، سینیٹر ذیشان خان زادہ صاحب۔ اس کے بعد بلال صاحب، آپ بات کریں۔

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ آج آپ نے مجھے out of turn موقع دیا۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ ایسے subject پر آپ نے مجھے موقع دیا اور مجھے یاد کیا۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House, please.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: ہمارے فاضل ممبر اور ہمارے سینیٹر دوست محمد خان صاحب، اس موضوع پر ضرور بات کرنا چاہتے ہیں میں امید رکھتا ہوں کہ آپ ان کو بھی time دیں گے۔ اس کے بعد میں اپنا time کم ہی لوں گا اور میں چاہوں گا کہ وہ زیادہ بات کریں۔ اگر دیکھا جائے اور ہمارے جتنے دوستوں نے اِدھر بات کی ہے، جناب چیئرمین! آپ نے ایک فاضل ممبر سے سوال پوچھا کہ آپ نے اچھی باتیں کیں اور آپ نے

کہا ہے کہ جب جس کی حکومت ہوتی ہے تو وہ اپنے Opposition کے اوپر تشدد کرتے ہیں، وہ ان کے ساتھ ذاتیات کرتے ہیں۔ یہ تسلسل چلتا آ رہا ہے۔ انہوں نے یہ کہا اور آپ نے پھر اچھا سوال پوچھا کہ اس کا solution کیا ہے؟ اس کا حل کیا ہے؟ انہوں نے اپنی تقریر میں آپ کو جواب بھی دیا۔ انہوں نے کہا صرف اور صرف اس کا solution پارٹی کے پاس جو کہ treasury benches کے اوپر اور حکومت میں ہے۔

جناب والا! ہماری تقاریر کا اِدھر کوئی فائدہ نہیں اگر اس کے اوپر action نہ ہو۔ action opposition کبھی نہیں لے سکتی، action ہمیشہ وہ لوگ لے سکتے ہیں جو کہ حکومت میں ہیں۔ آج کی Opposition کے ساتھ جو مظالم ہو رہے ہیں، عمران خان کے ساتھ، بشریٰ بی بی کے ساتھ اور جتنے بھی آج اِدھر نام لیے گئے ہیں۔ میں ان کو دہرانا نہیں چاہتا لیکن جتنے بھی PTI کے لوگ ہیں، اس کے علاوہ PTI کے علاوہ جتنی parties کے لوگ ہیں اگر وہ جیلوں میں ہیں، ان کے ساتھ مظالم ہو رہے ہیں۔ اس کا ایک ہی solution ہے کہ حکومت کسی committee کی form میں یا اس ایوان کے کسی form میں، کسی طریقے میں، کوئی solution نکال کر دینا ہوگا۔ اس کے علاوہ اس کا اور کوئی راستہ نہیں ہے۔

جنابِ والا! میں پچھلے تین چار سال سے یہی دیکھ رہا ہوں کہ جب بھی ہم اپنی party کے حوالے سے بات کرتے ہیں، اپنے party members کے حوالے سے اور جو ہمارے workers کے ساتھ ہوتا ہے تو ہمیں اِدھر سے ایک جواب ملتا ہے، وہ یہی ہے کہ آپ کے time پر بھی تو ایسا ہوتا تھا۔ اب ہم اس کو defend کریں یا اس حکومت کو کہیں کہ آپ ہمارے rights ہمیں دیں۔ اپنے لوگوں کو، پاکستان کے لوگوں کو اپنے rights دیں۔ یہ تو بڑی آسان بات ہے کہ آپ جس کام کے لیے اِدھر آئے ہیں، جس طریقے سے بھی آپ آئے ہیں، آپ نے mandate چوری کیا یا جیسے بھی آئے ہیں Form 47 کے ذریعے سے آئے ہیں لیکن ہیں تو حکومت میں۔ آپ تو چاہتے ہیں کہ اس ملک میں بہتری آئے، آپ تو چاہتے ہیں کہ اس ملک میں استحکام آئے۔ آپ تو چاہتے ہیں کہ سیاسی استحکام بھی ہو اور معاشی استحکام بھی ہو لیکن یہ استحکام آئے گا کیسے؟ (جاری۔۔۔T-14)

T14-18May2026 Tariq/Ed: Shakeel. 07:20 pm

سینیٹر ذیشان خانزادہ۔۔۔(جاری)۔۔۔آپ تو چاہتے ہیں کہ اس ملک میں استحکام آئے، آپ تو چاہتے ہیں کہ سیاسی اور معاشی استحکام بھی ہو لیکن یہ استحکام آئے گا کیسے، لانا تو آپ نے ہی ہے، ہم تو ایسے ہی ایوانوں میں کھڑے ہو کر حکومت سے، judiciary سے اور اس ملک میں جتنے بھی طاقتور لوگ ہیں ان سے گزارش کر سکتے ہیں، کرنا تو آپ نے ہے۔

جناب چیئرمین ! میں آج یہاں کھڑے ہو کر باقی مسائل پر بات نہیں کرنا چاہتا، ہمارے منظور کاکڑ صاحب نے اچھی بات کی کہ اس وقت ہمیں معیشت پر بات کرنی چاہیے، ہمارے جو بھی مسائل ہیں especially budget بھی آ رہا ہے لیکن جناب چیئرمین دل نہیں کرتا کہ میں taxes پر بات کروں۔ مجھے پتا ہے کہ انہوں نے عوام پر جو tax and levies لگائی ہیں وہ لوگ کتنی تکلیف میں ہیں لیکن خان صاحب، بشریٰ بی بی اور ہماری جماعت کے باقی leaders and workers کی تکالیف اور ان کے خاندانوں کی تکالیف کو دیکھ کر ہمارا دل نہیں کرتا کہ ہم ایوان میں ٹیکس کی بات کریں۔ پہلے یہ مسائل حل ہونے چاہییں۔

جناب چیئرمین ! میں یہیں پر اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے اپنی بات کو conclude کرتا ہوں اور آپ سے دوبارہ گزارش کرتا ہوں اور آپ کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ آپ نے آج مجھے وقت دیا، اگر آپ دوست محمد خان صاحب کو ایک سے دو منٹ کا وقت دیں گے تو آپ کی بڑی مہربانی ہو گی۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : بلال مندوخیل صاحب، جی تارڑ صاحب بولیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ : جناب ہمیں تھوڑا احتیاط کا دامن بھی ساتھ تھامنا چاہیے۔ جناب ایک agenda ہے، دوست محمد خان صاحب آپ نے خود بادشاہی کی ہے، میں بادشاہی ہی کہوں گا کہ آپ نے اپنا وقت انہیں دے دیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ نے خود اپنا اختیار استعمال کیا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ : جناب میں یہ عرض کروں گا، میں بلال مندوخیل صاحب سے بھی کہوں گا کہ اگلے item سے پہلے وہ اپنا point of order پیش کر دیں۔ بات یہ ہے کہ اگر ہم نے اس طرح سے ایوان کی کارروائی کو مذاق بنانا ہے، میں یہاں سے اٹھ کر جا جا کر آپ لوگوں کے نام دیتا رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ نے اپنا وقت خود کسی اور کو دیا تھا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ : اب آپ کو بڑے تحمل سے سنا ہے، میں صرف یہ کہوں گا کہ یہ item دو گھنٹے لے گیا ہے، اس کو conclude کر لیتے ہیں۔ جناب اگلے item سے پہلے آپ بول لیں تاکہ پھر ان کی بات ہو جائے، اسے conclude کریں جناب۔ اس کو ایک مرتبہ بند کریں اس کے بعد آپ جو کرنا چاہیں، دیکھیں جناب ورنہ تو یہ ایک نہ رکنے والا سلسلہ ہے۔ Ordinarily ہم جناب پانچ speakers بات

کرتے ہیں، یہ ایک رواج رہا ہے، آج اس ایجنڈا پر پندرہ لوگوں نے بات کی ہے تو جناب کم از کم بس کریں۔ جب یہ motion move ہوئی، سینیٹر علی ظفر میرے بھائی ہیں، بڑے محترم ہیں۔ جب اس motion کو میرے سامنے لایا گیا تو میں کئی اور خطوط پر تیاری کرکے آیا تھا، میرا خیال تھا کہ اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے میرے بھائی اور بہنیں human rights کی overall state of affairs پر میری توجہ مبذول کروائیں گے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دوست محمد صاحب آپ منسٹر صاحب کو بات کرنے دیں۔ میرے پاس آرٹیکل 245 کا بھی اختیار ہے، لیکن میں اسے استعمال نہیں کرنا چاہتا ہوں۔ میں آپ کو دھمکی نہیں دے رہا ہوں، میرے پاس اختیار موجود ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: تعلیم اس ملک کے بچوں کا بنیادی حق ہے، ہمارے لاکھوں بچے سکولوں سے باہر ہیں اس کے لیے کیا پالیسی وضع کی گئی ہے۔ میرا خیال تھا کہ مقدمات کی جلد شنوائی وہ fundamental right ہے، جن سزائے موت یا عمر قید کے قیدیوں کے مقدمات بارہ بارہ سالوں سے pending ہیں ان کی بابت پارلیمنٹ کو کیا کرنا چاہیے، میرا خیال تھا کہ یہ بات بھی کی جائے گی کہ under trial prisoners کی جو بہتات ہے اور ان کے مقدمات کے فیصلے ہونے میں پانچ پانچ سال لگ رہے ہیں، اس پر بات کی جائے گی لیکن آپ کا حق ہے، آپ بات کریں، مجھے یوں محسوس ہوا کہ یہ motion move ہی اس لیے کی گئی کہ پارٹی کے جو چار پانچ زعماء ہیں جن کے بارے میں روز ٹیلی وژن چینلز پر بیٹھ کر آپ discussion کرتے ہیں اور ہمارے ساتھی اس کا جواب دیتے ہیں، ہم نے unfortunately بحث کو پھر وہیں تک محدود کر دیا اور وہی بات جو پچھلے دو یا تین سالوں سے ہو رہی ہے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وقار مہدی صاحب اور ڈاکٹر زرقا کے motions ہیں۔۔۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہم نے اسی پر آج اپنی ساری توجہ مرکوز کر دی.overall state of affairs جناب آپ بات کر لیں، آپ Leader of the Opposition ہیں، آپ جیسا کہیں، میں روک دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بات کر سکتے ہیں، دیکھیں اتنا حوصلہ ہے کہ منسٹر صاحب نے اپنا وقت آپ کو دیا ہے۔ دوست محمد صاحب آپ نے اپنا وقت کسی اور معزز سینیٹر کو دیا ہے۔

**Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)**

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آج کا موضوع جو تھا وہ fundamental rights اور بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے تھا۔ تمام دنیا میں بنیادی انسانی حقوق بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ اسلام میں، ہمارے دین میں بھی بنیادی انسانی حقوق جنہیں حقوق الناس بھی کہا جاتا ہے، حقوق العباد بھی کہا جاتا ہے اور اس طرح کے مختلف آئین میں بھی fundamental and civil rights کہا جاتا ہے یہ بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ یقین کر لیں کہ ان کا تمسخر بنانا، ان کا مذاق اڑانا، ان کو کم اہمیت کرنا یہ بالکل توہین ہے شاید اس ہستی کی بھی جس نے ہمارے لیے یہ حق رکھا ہوا ہے۔ یہ بہت مقدس ہیں، ہمارے آئین میں بھی یہ ہیں، ہمارے دین میں بھی ہیں اور بہت اہم ہیں۔ نمبر ایک۔

نمبر دو، ظلم کسی کے ساتھ بھی ہو، ظلم خدا کو پسند نہیں ہے، گناہ ہے اور بعض ظلم گناہ کبیرہ بھی ہیں اس لیے میری گزارش یہ ہے کہ یہ ایوان بالا ہے، دنیا ہمیں دیکھتی اور سنتی ہے، جب آپ بنیادی انسانی حقوق کی بات کر رہے ہیں ممکن ہے بعض پر انہوں نے بات کی ہو، بعض پر دوسرے رہ جائیں، بالاخر ان کو ensure کرنا، ان کو لوگوں تک رسائی اور حقوق دینا ہماری حکومت کی ذمہ داری ہے، اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ انہیں support کرے، ساتھ دے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ سے ایک سوال کرتا ہوں کہ محترمہ اس وقت judicial custody میں ہیں یا حکومت کی custody میں ہیں؟

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جی، کون؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: محترمہ۔ جن کی آپ بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میں کس کی بات کر رہا ہوں؟ آپ نے مجھ سے کوئی لفظ سنا ہے۔ میں نے کوئی لفظ بولا ہے یا آپ نے کچھ سنا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے کہا ہے کہ جو سینیٹر علی ظفر صاحب اور مشعال اعظم کا جو issue ہے وہ اس خاتون کے بارے میں ہے، وہ تو اس وقت judicial custody میں ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: آپ بلا وجہ interrupt کرتے ہیں، میں بات ختم کرنے لگا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ حکومت کی ذمہ داری ہے، اپوزیشن کا کام نشان دہی کرنا ہے، اگر صحیح نشان دہی کی ہے تو اسے welcome کریں اگر خدانخواستہ کہیں درست نہیں ہے تو آپ اس

کی اصلاح کر دیں لیکن یہ ذمہ داری ہے۔ خطبہ نمبر ۷ ۲ ہے نہج البلاغہ میں، امام علی کو خبر آتی ہے کہ آپ کے سرحدی علاقے میں سفیان غامدی اپنی forcesکے ساتھ وارد ہوا ہے، سرحدی علاقے میں یہودی دیہات تھا، وہاں داخل ہوااور خواتین کے پاؤں سے پازیب چھینے ہیں، اس میں مولا علی کہتے ہیں کہ اگر کوئی یہ بات سن کر مر جائے تو اسے ملامت نہیں کرنی چاہیے، یہ غیرت کا مسئلہ ہے، بنیادی انسانی حقوق کا مسئلہ ہے، ظلم کا مسئلہ ہے۔ آئیں اس وطن کو ایک عدل والا وطن بنانے اور لوگوں کو حقوق دینے والا وطن بنانے میں کام کریں اور اس کے لیے ہمارے treasury Benchesوالے بڑا دن رکھیں۔

جہاں تک آپ نے سوال کیا تھااور میرے خیال میں بشریٰ بی بی کے حوالے سے پوچھا تھا تو ان کی فیملی کا حق ہے ان سے ملاقات کرنا۔ ان کی بیٹیوں کا ان کی بہنوں کو، جو بھی ان کی فیملی بنتی ہے ان کا حق ہے۔ ان کو بیماری ہے بتانا، علاج اور نتیجہ کیا ہے، دیکھیں پھر آپ جانتے ہیں کہ سیاسی ماحول کو ٹھنڈا کرنے کے لیے، ابھی آگے بجٹ آنے والا ہے، اور مسائل ہیں۔ اگر آپ ایسے ہی چلیں گے تو پھر سینیٹ سے بجٹ پاس کروانا آپ کے لیے مسئلہ بن جائے گا۔ مشکل ہو جائے گا اس لیے دل بڑا رکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر پانچ منٹ کے orderکے لیے آپ تین گھنٹے بحث کریں گے، جی رانا ثناء اللہ صاحب۔

**Senator Rana Sanaullah Khan**

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جناب چیئرمین! میں within a minute مختصراً بات کروں گا۔ جناب آج علی ظفر صاحب نے اپنی بات اپنے حساب سے، اپنی دلیل کے ساتھ یہ بات رکھی، اس کے بعد بات کئی اور اطراف کو بھی چلی گئی۔

جاری۔۔۔(T-15)

T15-18May2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 07:30 p.m.

سینیٹر رانا ثنااللہ خان: (جاری۔۔۔۔) اپنے حساب سے، اپنی دلیل کے ساتھ انہوں نے یہ بات رکھی اس کے بعد پھر بات جو ہے وہ کئی اور اطراف کو بھی چلی گئی۔ معاملہ یہ ہے کہ یہ بات کہ ظلم، اب یہ لیڈر آف دی اپوزیشن راجہ صاحب نے بھی وہ دو باتیں یعنی بار بار زور دے کر کہ جی ظلم ہو رہا ہے اور ظلم جو ہے وہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ بنیادی حقوق ایک آزاد شہری کے مختلف ہیں اور ایک ایسا فرد جس کو بد قسمتی سے کسیcourt of law سے سزا ہو جائے، اس کے بنیادی حقوق jail manual, jail rules and law کے تحت ہیں۔ یہ جن معزز صاحبان یا صاحبہ کی یہ بات کر رہے ہیں۔ کیا اگر کوئی stateکے اوپر حملہ

کرے، اگر کوئی کسی ملک کے capitalکے اوپر حملہ آور ہو۔ اگر نو مئی جیسے واقعات ہوں اور کسی ادارے کے اوپر حملہ کیا جائے، گھروں کو جلایا جائے تو کیا اس واقعے کے مقدامات کا اندراج ظلم ہے اور اس ظلم کے نتیجے میں اگر کچھ لوگوں پر چالان ہوں اور بعد میں عدالت سے سزا ہو تو کیا یہ ظلم ہے۔ اگر آپ کا یہ موقف ہے کہ وہ سزا غلط ہے تو کیا اس کابینیٹ کو یا قومی اسمبلی کو یا پارلیمنٹ کو، کیا آئین کوئی اختیار دیتا ہے کہ اس سزا کو کالعدم قرار دے دے۔ اس کا ایک طریقہ کار پارلیمنٹ نے اور آئین جو طے کیا ہے اسی کے مطابق appealہونی ہے، اسی کے مطابق فیصلہ ہونا ہے اور علی ظفر صاحب سے زیادہ اور کوئی اس بات کو جان نہیں سکتا۔ جہاں تک بنیادی حقوق کا معاملہ ہے تو جو jail rules and lawہے ان کے مطابق اب میں کوئی لمبی بات میں نہیں جاتا۔ آپ صرف ایک واقعہ کو لے لیں کہ عمران خان صاحب اور بشریٰ بی بی صاحبہ کو health issuesہوئے ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ کیا ان کو یا کسی بھی قیدی کو وہاں جیل میں کوئی health emergencyہو تو کیا jail rules and lawمیں علی ظفر صاحب اس کا حوالہ دے دیں کسی جگہ یہ لکھا ہے کہ پہلے اس کے گھر والوں کو بلایا جائے گا پھر ان کو ساتھ لیا جائے گا۔ یہ ضروری ہے کہ گھر والوں کی موجودگی میں ڈاکٹر صاحبان معائنہ کریں، diagnoseکریں اور علاج کریں۔ اگر یہ لکھا ہے تو پھر اصل میں یہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، اس کو یہ referکریں۔ اس کے متعلق relevant courtمیں petition registerکریں اور اگر یہ ایسا نہیں ہے جو کہ میرا موقف یہ ہے کہ ایسا نہیں ہے تو میں پوری ذمہ داری سے یہ کہتا ہوں کہ دونوں صاحبان کی صحت کے جو بھیissues ہوئے ہیں۔ پاکستان میں جو بہترین علاج میسر ہے وہ ان کو دیا گیا ہے اور وہ خود اس کے اوپر satisfiedہیں۔ اس کے اوپر عمران خان صاحب نے خود ہر بار ان کو جوinjection administerکیا گیا ہے انہوں نے خود اس کے متعلقsatisfactionکااظہار کیا ہے۔ بات یہ ہے کہ آپ لوگ بار بار کہہ رہے ہیں کہ ظلم ہو رہا ہے، ظلم ہو رہا ہے، بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہو رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ general statementجو ہے یہ درست نہیں ہے اور ایسا نہیں ہونا چاہیے۔

اس سے آگے آئیں یہ ایک معزز سینیٹر نے بات کی ہےانہوں نے کہا کہ آپ آگئے ہیں تو ہم آپ کو تسلیم کر لیتے ہیں لیکن آپ معلوم نہیں آئے کس طرح سے ہیں۔ اسی طرح سے جب آپ آئے تھے تو آپ کے متعلق ہمارے بھی یہی خیالات تھے اور ہمارے پاس بھیevidenceموجود تھا کہ آپ کس طرح سے آئے ہیں لیکن ہم نے آپ کو تسلیم کیا۔ اگر آپ آج تسلیم کر رہے ہیں de

being the then Leader of the میں تو معاملہ یہ ہے کہ کیا ہوا تھا، senseکیfacto and dejuro
Opposition Shehbaz Shahrifنےon the floor of the house کہا کہ ملک کے economicاور دوسرے
جو مسائل ہیں معزز وزیراعظم صاحب ہم آپ کے ساتھ بیٹھنا چاہتے ہیں، معزز وزیراعظم صاحب ہم آپ کے ساتھ بات کرنا چاہتے
ہیں، معزز وزیراعظم صاحب آپ ہمارے ساتھ بیٹھیں اور بات کریں۔ میں اب اس بحث میں نہیں جاتا یا اس طعنے میں نہیں جاتا کہ
آپ نے کیا جواب دیا تھا۔ آج وزیراعظم نے تین مرتبہ on the floor of the house کہا ہے کہ ہم آپ کے ساتھ
dialogueکرنا چاہتے ہیں۔ ہم آپ کے ساتھ بیٹھنا چاہتے ہیں اور قطعاً یہ نہیں کہا کہ اس معاملے پر بات کریں گے اور اس پر نہیں
کریں گے۔ آپ بیٹھیں، آپ یہاں سے ہی شروع کر لیں جو بحث آپ روزانہ یہاں پر شروع کرتے ہیں اور پھر اسی کی نظر سارا ٹائم ہو
جاتا ہے۔ آپ یہاں سے ہی شروع کر لیں۔

آپ نے ایک کمیٹی بنائی اور اس میں آپ نے اپنے لوگ announce کیے اور خوش قسمتی سے راجہ ناصر عباس صاحب اس
کمیٹی میں تھے۔ انہوں نے جب کمیٹی announceکی فوری طور پر وزیراعظم نے اپنی طرف سے ایک کمیٹی announceکی اس
میں اسحاق ڈار صاحب تھے، اس میں تمام coalition partiesکےParliamentary membersتھے۔ وہاں پر پہلی
meeting ہوئی راجہ صاحب اس بات کے گواہ ہیں ہم نے ان کو کہا کہ طے کریں کہ کون سےissues ہیں، کنissuesکے اوپر
ہم نے بات کرنی ہے اور ہم اس کمیٹی میں بیٹھ کر تمامissues کو ان شاء اللہ تعالیٰresolve کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم
آپ کو پوچھ کر بتائیں گے اور اس کے علاوہ ہم بات نہیں کر سکتے۔ جب دوسری meetingہوئی تو انہوں نے کہا کہ اسی
meetingمیں یعنی دوسری meetingمیں ہماری یہ یہ شرائط ہیں۔ آپ ان کو پورا کریں اور اگر آپ پورا نہیں کرتے تو یہ تیسرا
اجلاس نہیں ہوگا۔ اس وقت میں نے بھی اور اسحاق ڈار صاحب نے بھی ان سے requestکی کہ آپ یہ سلسلہ نہ توڑیں اس کمیٹی کو
چلنے دیں اور یہ issues discussہوتے رہیں گے اور ساتھ ساتھ اس کا کوئی نہ کوئی حل نکلتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ No, اس کے
بعد آپ کے ساتھ ہماری کوئی meetingنہیں ہو گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں آخر میں آپ کی وساطت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ معزز Leader of the Oppositionموجود
ہیں، علی ظفر صاحب ان کے سینئر پارلیمانی لیڈر ہیں وہ موجود ہیں۔ یہ جب کہیں میں نے یہ بات Leader of the

وزیراعظم سے ان کی within 24 hours سے بھی کہی تھی کہ یہ جب کہیں Opposition, National Assembly meeting ہو سکتی ہے۔ یہ وہاں پر بیٹھ کر جہاں سے بات شروع کرنی ہے یہ کریں اور جو issues ہیں، جو بیٹھ کر resolve ہونے ہیں۔ وہ بیٹھ کر ہی resolve ہونے ہیں، تقاریر سے نہیں ہونے۔ وہ ٹھیک ہے آپ اپنا موقف بیان کریں گے اس کے جواب میں ہم اپنا موقف دیں گے۔ یہ تو اسی طرح سے ہے جس طرح talk shows میں آپ اپنی بات کرتے ہیں اس کے جواب میں ہمیں بھی بات کرنی پڑتی ہے۔ آپ اس معاملے میں راجہ صاحب اگر آپ کے پاس یہ اختیار ہے تو آپ آگے بڑھیں، آپ قدم اٹھائیں۔ وزیراعظم صاحب کی طرف سے offer موجود ہے، میں نے بھی اس کو دوبارہ renew کر دیا ہے۔ لیکن آپ عالم دین بھی ہیں، آپ پھر دین کے حوالے سے، قران پاک کے حوالے سے، احادیث کے حوالے سے مثالیں بھی دیتے ہیں۔ آپ نے ابھی اس سے پہلے یزید کے حوالے سے اور بی بی زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے بات کی تھی۔ یہ بات مناسب نہیں ہے ہم بھی مسلمان ہیں۔ ہمیں اس طرح سے generalize کرتے ہوئے ظلم اور انسانی حقوق۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سیاست میں فتویٰ بازی نہیں ہونی چاہیے۔ بہت شکریہ۔ جی منسٹر صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب ڈپٹی چیئرمین! رانا صاحب نے بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا ہے۔ میں دو منٹ میں صرف اتنا عرض کر دوں کہ، بلال صاحب بس دو منٹ میں گن کے دو منٹ لوں گا۔ سارے دوستوں نے اس پر بات کی اور بڑی تفصیل سے بات ہوئی۔ میں نے پہلے اپنا دکھ بیان کیا ہے بطور وزیر انسانی حقوق میرا خیال تھا کہ یہ general discussion ہو گی، overall ملک میں جو human rights کی situation ہے لیکن unfortunately وہ چار پانچ لوگوں کے بارے میں محدود کر دی گئی جو کہ judicial custody میں ہیں۔ جہاں پر نہ میرا اختیار ہے، نہ حکومت کا اختیار ہے ان کی custody عدالت سے regulate ہوتی ہے رانا ثنا اللہ صاحب نے بول دیا۔ (جاری۔۔۔۔T16)

T16-18May2026 FAZAL/ED: Shakeel 07:40 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری ہے۔۔۔) رانا ثنااللہ صاحب نے بول دیا، لیکن میں اس میں مزید وضاحت کر دوں کہ جب یہ بہت زیادہ شور مچا کہ عمران خان صاحب Solitary Confinement میں ہیں۔ اُن کی صحت بدترین گراوٹ کا شکار ہے، اُن پر ذہنی تشدد کیا جارہا ہے

اور اُن کا حقہ پانی بند ہے، تو Supreme Court of Pakistan میں Chief Justice محترم یحییٰ آفریدی صاحب کے Bench نے عمران خان صاحب کے وکیل سلمان صفدر صاحب کو Commission/Appointed Amicus Curiae کے طور پر جیل بھیجا۔ سلمان صفدر صاحب نے تین گھنٹے عمران خان صاحب سے ملاقات کی، اُن کے Cell کی مکمل Inspection کی، اُنہیں مکمل رسائی دی گئی۔ اُن کی Living Conditions, اُن کی اہلیہ کی Living Conditions اور دیگر تمام معاملات کا جائزہ لینے کے بعد سات صفحات پر مشتمل report جمع کروائی۔ اس report میں صرف اُن کی آنکھ کے علاج کے بارے میں یہ خدشہ ظاہر کیا گیا کہ اگر علاج early stage پر کیا جاتا تو بہتر ہوتا، اگرچہ اب بھی علاج جاری ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے report میں بتایا گیا کہ:

- اُنہیں خوراک میں کیا مہیا کیا جا رہا ہے۔
- سات کمروں پر مشتمل Cell اُن کے استعمال میں ہے۔
- مرحلہ وار اور ترتیب وار کتنے مشقتی اُن کے ساتھ attach کیے گئے ہیں۔
- وہ کس وقت exercise کرتے ہیں۔
- ناشتے، دوپہر اور رات کے کھانے میں کیا لیتے ہیں۔
- Television کی سہولت انہیں دی گئی ہے۔
- انہیں کتابیں کتنی مہیا کی گئی ہیں اور کون کون سے اخبارات فراہم کیے جا رہے ہیں۔

میرے خیال میں یہ ایک decent اور قانونی طریقہ تھا عوام تک وہ اطلاعات پہنچانے کا تاکہ ان کے بارے میں جو خدشات ہیں وہ دور ہو جائیں۔ بات یہاں پر بھی نہیں رکی۔ جناب چیئرمین! پاکستان تحریکِ انصاف نے گھر کی بات کو باہر کی دنیا کے سامنے رکھنا مناسب سمجھا اور انہوں نے یہ معاملہ International Parliamentary Union کی Human Rights Committee میں اُٹھایا۔ حکومتِ پاکستان سے موقف طلب کیا گیا۔ میں Floor of the House پر کہہ رہا ہوں کہ austerity تھی۔ ہمارے باہر کے دورے مکمل طور پر بند تھے۔ رانا صاحب! میں نے کہا کہ اگر ہم نہ گئے تو ہم پر یہ فتویٰ ہوگا کہ یہ اس قدر گرے ہوئے ہیں کہ یہ جا کر بات ہی نہیں کرتے۔ میں نے خود Prime Minister صاحب سے اجازت لے کر اپنے خرچے پر وہاں جا کر دو گھنٹے hearing میں شرکت کی۔ State expense پر نہیں گیا، بلکہ میں نے اسے اپنی اخلاقی ذمہ داری سمجھا۔ میں نے دو گھنٹے ان کے سوالوں کے جوابات دیے اور ساری تفصیلات فراہم کیں۔ صرف یہ

اپنی goodwill and bona fide show کرنے کے لیے کہ ہم کسی چیز سے گریزاں نہیں ہیں۔ایک ایک issue پر انہیں جواب داخل بھی کیا ہوا تھااور explain بھی کیا۔ میں نے وہاں موجود پندرہ مختلف ممالک کے Senior Parliamentarians پر مشتمل جو Committee ہےfor the Human Rights of the Parliamentarians کو تمام تفصیلات فراہم کیں۔ میں نے یہ بھی کہاکہ آئین کے Article 25 کے مطابق کسی سابق Parliamentarian اور عام شہری میں فرق نہیں ہونا چاہیے، لیکن حکومت نے اس کے باوجود کہ یہ سابق وزیر اعظم ہیں حکومت نے انہیں better class facilities یعنی A-Class or B-Class سہولیات فراہم کی ہوئی ہیں۔ Supreme Court میں جمع کروائی گئی report کے تمام مندرجات بھی اُنہیں پڑھ کر سنائے گئے۔

جناب چیئرمین! لاہور کی بات ہوئی۔ شروع میں یہ کہا گیاکہ پاکستان تحریک انصاف کی جو اسیر خواتین ہیں، خدا نخواستہ ان کے ساتھ بہیمانہ تشدد کیاگیا ہےاور جنسی تشدد کا بھی حوالہ دیا گیا۔ جناب چیئرمین! ہم نے خود اجازت مانگی اور جو Independent Watchdog ہیں Human Rights کے اور Human Rights Commission جو لاہور میں محترمہ عاصمہ جہانگیر صاحبہ lead کرتی تھیں، ان کا نمائندہ وفد حنا جیلانی کی قیادت میں گیا اور پاکستان کا جو Human Rights Commission of Pakistan ہے، National Commission for Human Rights، جسے Opposition اور Government مل کر لگاتی ہے، جس کو اقوامِ متحدہ نے پچھلے سال A-Status عنایت کیا جبکہ India کے پاس آج بھی C-Status ہے، وہ delegation بھی ان کے ساتھ گیا۔انہوں نے خواتین کو Interview کیا،ان کے affidavits وہاں سے لیے، لکھی ہوئی تحریریں جمع کروائیں اور انہوں نے کہا کہ وہ خواتین خود کہتی ہیں کہ ہمارے ساتھ ایسا کچھ نہیں ہوا، یہ سب propaganda ہے۔

جناب چیئرمین! میں صرف یہ عرض کروں گا کہ چیزوں کو ہم اپنے چار چھ لوگوں تک confine کر لیتے ہیں۔آئیں، مل کر بیٹھیں، جیلوں کی سب کی حالت بہتر کریں، صوبائی حکومتوں سے کہیں کہ وہاں سہولیات بہتر کی جائیں۔ پنجاب نے اس پر کام کیا ہے۔ رانا ثناء اللہ صاحب نے بھی جیل کاٹی ہے۔ 52،53 Temperature تھا،ان کے لیے جو Cell select کیا گیا تھا، درمیان میں concrete کا بنا ہوا Cell تھا اور انہیں وہاں چھوڑ دیا گیا۔ میں کہتا ہوں کہ ہم نے ان چیزوں سے سیکھتے ہوئے بہتری کی ہے۔ ہماری طرف سے یہ recommendations ہیں کہ اگر کسی کو security کی ضرورت ہے تو انہیں بہتر security میں رکھا جائے۔ ابھی میں نے بات سنی، میری بہن مشال یوسفزئی صاحبہ ایک طرف یہ الزام لگاتی ہیں کہ بشریٰ بی بی صاحبہ کو الگ کیوں رکھتے ہیں اور دوسرے سانس میں کہتی

ہیں کہ جرائم پیشہ خواتین کے ساتھ ہماری خواتین کو بند کیا گیا ہے۔اسی لیے الگ رکھا جاتا ہے۔ بہت سارے ایسے cases ہوتے ہیں جہاں جن کی security کا Issue ہو، انہیں دوسروں سے الگ رکھا جاتا ہے۔

میری یہ استدعا ہوگی کہ رانا صاحب کے جواب کے بعد میں مزید add نہیں کرنا چاہتا۔ میرے پاس ایک تفصیلی لسٹ تھی کہ ہم نے کون سی legislation کی ہے؟ ہم نے کیا کیا بہتریاں کی ہیں؟ دنیا نے ہمیں Human Rights کے میدان میں کہاں کہاں appreciate کیا ہے؟ ہم نے Child Marriages کے خلاف قانون سازی کی، جہاں 13، 14 اور 16 سال کی معصوم بچیوں کی شادیاں ہو رہی تھیں، ان کے بارے میں آپ سے مل کر قانون بنایا۔اس کے علاوہ بھی ہم تقریباً 10 مزید قوانین لے کر آئے۔ ہم نے SOPs تبدیل کیے، لیکن آپ نے بحث کا رخ کسی اور طرف موڑ دیا تھا تو اس کا جواب رانا ثناء اللہ صاحب نے بھی دے دیا۔ میری نظر میں Court میں جمع کرائی گئی رپورٹ کے بعد ہمیں اس قسم کی قیاس آرائیوں سے گریز کرنا چاہیے۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر بلال مندوخیل صاحب۔

**Senator Bilal Ahmed Khan**

سینیٹر بلال احمد خان: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ میرے معزز سینیٹر علی ظفر صاحب نے جو Motion move کیا، اس میں انہوں نے ایک لفظ "Public at Large" استعمال کیا ہے۔ Public at Large کا مطلب یہ ہے کہ آپ پورے معاشرے، تمام شہریوں اور تمام طبقات کی بات کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہاں میں ایک چھوٹی سی بات عرض کرنا چاہوں گا کہ ایک طالب علم تھا جسے صرف "My Best Friend" کے عنوان پر essay یاد تھا۔ جب بھی اسے کوئی Teacher کہتا کہ کسی بھی topic پر essay لکھ دو تو وہ آغاز کچھ بھی کرتا مگر چند لائنوں کے بعد "My Best Friend" پر آجاتا۔ آخر ایک دن Teacher تنگ آکر اس نے کہا کہ آپ نے "ہوائی سفر" پر Essay لکھنا ہے۔ اس نے لکھنا شروع کیا کہ میں نے ٹکٹ خریدا اور جہاز میں بیٹھا۔ میں نے جب Seat پر مڑ کر دیکھا تو میرا Best Friend میرے ساتھ بیٹھا تھا اور اس کے بعد پھر وہی "My Best Friend" پر لکھنا شروع کر دیا۔

جناب چیئرمین! بالکل یہی صورتحال یہاں بھی نظر آتی ہے۔ آپ کسی بھی موضوع سے بات شروع کریں، تو ان کی بات چار بندوں پر آتی ہے یا اپنے قائد پر یا اپنے قائد کی اہلیہ تک پہنچ جاتی ہے اور ان کا Best Friend وہی ہے جس کے بغیر ان کو پاکستان میں کوئی نظر نہیں آتا۔ "Public at Large" لکھا ہے لیکن چار بندوں کے علاوہ ان کے پاس ان کے کہنے کے مطابق public موجود نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! Human Rights ایک بہت وسیع موضوع ہے۔اگر ہم Human Rights کی بات کریں تو انسان کی زندگی کے ہر قدم میں اس کی rights کے متعلق بات کی جا سکتی ہے۔انسان کی زندگی کے ہر لمحے پر یا انسانوں کی زندگی پر گزرے ہوئے یا آنے والے ہر لمحے پر Human Rights کی بات کی جا سکتی ہے۔ اگر ہم Human Rights کی بات کریں تو کیا ہم دورِ جاہلیت کے Human Rights کی بات کریں؟ یا پھر وہ حقوق جو ہمارے نبی کریم ﷺ نے انسانیت کو عطا کیے؟آج جب Human Rights کا ذکر ہوتا ہے تو کیا ہم اس مغربی تصور کی بات کریں جو بعض اوقات موم کی ناک کی طرح اپنی سیاسی ضرورت کے مطابق موڑ لیا جاتا ہے؟ ہم ان Human Rights کی بات کریں کہ جس میں وہ اپنے مقاصد کے لیے جب چاہتا ہے وہ ان Human Rights کے جو قوانین انہوں نے بنائے ہیں اسے استعمال کریں۔ ہم کس Human Rights کی بات کر رہے ہیں؟ ہمارے، میرے یہ جو معزز ارکان ہیں یا میرے معزز ساتھیوں نے جو بات کی۔انہوں نے یہ بات نہیں بتائی کہ Human Rights کن چیزوں کے متعلق ہے اور ان کو گلہ کس بات پر ہے؟ ان کو کس جگہ پہ ایسا لگتا ہے کہ یہاں ان کے جو rights ہیں وہ مجروح کیے جا رہے ہیں۔ یہاں ان کے rights ان کو مل نہیں رہے۔ یہ تو کم از کم یہ ہمیں بتا دیں یا اس Motion میں یہ بتا دیا جائے کہ اس، اس جگہ پر یا specifically اس ایک point پر ان کے rights ان کو نہیں ملے۔اگر ایسی جنرل بات کی جائے تو جنرل بات میں تو پھر میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ میرے rights آج اس ایوان میں سب سے زیادہ مجروح کیے گئے۔ میں Human Rights کی بات اگر کروں تو سب سے زیادہ میرے rights مجروح کیے گئے۔ میں پچھلے آدھے گھنٹے سے یہاں کھڑا اپنے لیے وقت مانگ رہا ہوں لیکن مجھے وقت نہیں مل رہا تو پھر یہ بھی تو Human Rights ہی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بالکل یہ بھی اس میں شامل ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: ٹھیک ہے؟ ہاں اگر اس طرح کی بات ہے تو اگر ہم ہر قدم پر ہر چیز کو اس طرف لے جانا چاہتے ہیں کہ negative point کی طرف یا negative sense کی طرف لے جانا چاہتے ہیں تو پھر کبھی بھی ہم positive یا آگے بڑھنے کی بات نہیں کریں گے۔ جیسا کہ آپ نے کہا کہ اس کا حل نکالنا چاہیے۔اس کا way forward کیا ہونا چاہیے؟

(جاری ہے-----T17)

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری) اس کا way forward کیا ہونا چاہیے، اس کا solution کیا ہے۔ اس کے solution پر تو کسی نے بات ہی نہیں کی۔ اس کے solution پر شاید ہمارے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ ہم وہ لوگ ہیں جو تنقید بڑی آسانی سے کرتے ہیں لیکن اگر مجھ سے پوچھا جائے کہ تنقید تو آپ کر رہے ہیں، اس کا حل بھی بتادیں تو شاید میرے پاس اس کے لیے ایک لفظ بھی نہ ہو لیکن تنقید کے لیے میں زمین آسمان کے قلابے ملا سکتا ہوں۔ تنقید کے لیے میں دنیا جہان کی باتیں کر سکتا ہوں لیکن اس کے حل کے لیے میں ایک لفظ بھی بیان نہیں کر سکتا۔ کیوں؟ میں negative سوچتا ہوں۔ میں ایوان میں بیٹھ کر اپنے مخالف کو زچ کرنے کے لیے ہمیشہ negative سوچتا ہوں، اس لیے مجھے آگے بڑھنے کے لیے کوئی بات سمجھ نہیں آتی۔

میرے colleague منظور کاکڑ صاحب نے human rights کی بات کی۔ آپ بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں اور میں بھی۔ اگر میں human rights کے حوالے سے آج کی بات دیکھوں تو جس طرح FBR کے متعلق کسٹم ویئر ہاؤس والی بات منظور کاکڑ صاحب نے کی، اس حوالے سے میں اپنی کامرس کمیٹی میں یہ بات کر چکا ہوں کہ جو ہمارے seizure cases ہیں، کسٹم کے ذریعے جو اشیا seize کی جاتی ہیں، جس میں transporters involved ہے یا اس میں جو non-custom paid یا پھر custom paid گاڑیاں involved ہیں، ان کو آپ الگ کریں۔ آپ سب کو پتا ہے کہ اس دن جب آگ لگی ہے، منظور کاکڑ صاحب نے کہا کہ تیس ارب روپے سے زیادہ کا نقصان ہوا۔ یہ تیس ارب روپیہ انسانوں کا تھا۔ اس human کا تھا جس نے کاروبار کیا۔ اس کے rights جو مجروح ہوئے، اس کو جو نقصان پہنچا، human rights میں یہ بات بھی آتی ہے۔

آج ہم یہ بات کرتے ہیں کہ کسٹم سے متعلق ہمارے جتنے بھی معاملات ہیں، اس حوالے سے کم از کم پوچھا جائے، FIA وہاں گئی ہے، FIA کو اچھی طرح پتا ہے کہ یہ معاملہ کیا ہے۔ FIA اس کی جو بھی رپورٹ دے گی، اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ positive رپورٹ ہی دے گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حکومت کے وزرا بیٹھے ہوئے ہیں۔ جو points منظور کاکڑ صاحب نے اور بلال مندوخیل صاحب نے اٹھائے، طلال صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، علی پرویز ہمارے پٹرولیم کے smart منسٹر بھی بیٹھے ہیں، ان کے معاملے کو آپ لوگوں نے ضرور دیکھنا ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: چیئرمین صاحب! میں آپ سے request کروں گا کہ اس معاملے کو کمیٹی میں refer کر دیں۔ یہ کوئی چھوٹا معاملہ نہیں ہے۔ اس پر بہت سارے شکوک و شبہات ہیں۔ اس پر لوگوں کے بہت سارے سوالات ہیں کہ یہاں اربوں روپے کا نقصان ہوا۔ جلنے کے بعد اربوں روپے کے نقصانات سامنے آ رہے ہیں۔ اس سے پہلے جو items وہاں موجود تھے، اس کا ریکارڈ موجود ہے۔ اس ریکارڈ کے مطابق وہ تمام چیزیں جل گئیں بشمول پندرہ سو سے لے کر دو ہزار گاڑیوں کے۔ یہ دو ہزار گاڑیاں انسانوں کی ہیں، دو ہزار گھرانوں کی ہیں۔ ان میں بڑی گاڑیاں بھی ہیں جو ٹرانسپورٹ کے لیے استعمال ہوتی ہیں اور چھوٹی گاڑیاں بھی ہیں۔ بڑی گاڑیاں transporters اپنے بچوں کے روزگار کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ وہ گاڑیاں جلی ہیں جن کی کروڑوں روپے مالیت ہے۔ کروڑ روپے مالیت والے بندے کو جس کی گاڑی جل چکی ہے یا جلائی جا چکی ہے، شکوک و شبہات یہ ہیں کہ یہ جلائی گئی ہیں، اس کا جواب شاید اس فلور پر کوئی نہ دے سکے، لہٰذا، اس معاملے کو کمیٹی میں refer کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: طلال صاحب، وزیر داخلہ بیٹھے ہیں اور سن رہے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: مہربانی فرما کر آپ اس معاملے کو کمیٹی میں refer کر دیں تو کمیٹی میں یہ تمام چیزیں discuss ہو جائیں گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: طلال صاحب! کیا یہ بات آپ کے نوٹس میں ہے؟ بلال صاحب! آپ بات پوری کریں پھر طلال صاحب کو موقع دیتے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب! اس معاملے کو کمیٹی میں بھجوائیں تاکہ FIA اپنی رپورٹ دے اور FBR بھی اپنی رپورٹ دے۔ وہ ہمیں یہ بھی بتائیں گے کہ جو seized گاڑیاں تھیں، جو ڈیڑھ دو سال سے وہاں بند کھڑی تھیں، ان کے cases کا کیا ہوا۔ جس طرح میرے محترم سینیٹر صاحب نے کہا کہ cases کے بارے میں آپ پوچھیں گے تو ہم وہی پوچھنا چاہتے ہیں۔ کم از کم ہمیں کمیٹی میں بتائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا گلہ ختم ہو گیا، آٹھ منٹ ہو گئے۔

سینیٹر بلال احمد خان: آپ اسے کمیٹی میں refer کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں پہلے منسٹر صاحب سے پوچھتا ہوں۔ جی طلال صاحب! اس پر اگر آپ بتا دیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! گزارش یہ ہے کہ اگر آپ مجھے اس کی detail دیں تو میں اسے آپ کے اور ہاؤس کے سامنے بھی رکھ دوں گا لیکن اسے FBR کو بھی بھیجیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اعظم نذیر صاحب نے بھی وعدہ کیا۔

سینیٹر محمد طلال بدر: ہم اس کو ہاؤس کے سامنے رکھ دیں گے، اس کے بعد آپ یہ فیصلہ کر دیجیے گا کہ اسے کہاں بھیجنا ہے۔

## Pointing out of quorum by Senator Falak Naz

سینیٹر فلک ناز: جناب چیئر مین! میں کورم point out کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: آپ بیٹھیں، کورم point out ہو گیا۔ گنتی کریں۔

(گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئر مین: پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائیں۔

(پانچ منٹ کے لیے گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئر مین: محسن عزیز صاحب کا ایک motion ہے جو کہ ایک ہفتے یا دس روز سے لگ رہا ہے۔ اس کے ساتھ وقار مہدی صاحب کا بھی ایک motion ہے۔ ابھی اس پر گنتی سے پہلے کوئی کارروائی نہیں ہو گی۔ ابھی دوبارہ گنتی کریں۔ مہربانی فرما کر اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں۔

(گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئر مین: اس سے پہلے کہ میں اجلاس کو موخر کروں، تین چار بہت اہم motions تھے، یہ سب defer ہو گئے۔ سینیٹر صاحبہ! آپ جس کام کے لیے آتی ہیں، اس پر آپ کو نوبل انعام ملنا چاہیے۔ پورے پاکستان کے اس اجلاس پر کتنے پیسے خرچ ہوتے ہیں، اس پر آپ کو نوبل انعام ملنا چاہیے۔ پہلے بھی آپ کو بڑے انعام ملے ہیں۔ ایوان کی کارروائی بروز بدھ، ۲۰ مئی، ۲۰۲۶ کو صبح ۱۱:۰۰ بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔ شکریہ۔

---------------

*[The House was adjourned to meet again on Wednesday, 20th May, 2026 at 11:00 am.]*

---------------